کوئٹہ بلوچستان اور راولاکوٹ آزادکشمیر سے بیک وقت شائع ہونیوالا پہلا قومی اخبار

Daily FARZAND-E-KASHMIR Quetta
ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
روزنامہ فرزندِ کشمیر
کوئٹہ
راولاکوٹ
بانی: محمد شوکت

Web:- www.farzand-e-kashmir.pk

جلد 18 | ہفتہ | 08 اگست 2026ء | 24 صفر 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 446

سیکیورٹی فورسز کی خیبرپختونخوا میں کارروائیاں فتنہ الخوارج کے 10 دہشتگرد ہلاک

اعظم ورسک اور ضلع دیر میں آپریشنز کے دوران مارے گئے دہشتگردوں سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد، آئی ایس پی آر

صدرمملکت، وزیراعظم کا فتنہ الخوارج کے بھارتی سرپرستی میں سرگرم 10 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

راولپنڈی /اسلام آباد(این این آئی)سیکیورٹی فورسز کی خیبرپختونخوا میں دومختلف کارروائیوں میں فتنہ الخوارج کے 10 دہشت گرد مارے گئے جبکہ صدرمملکت آصف علی زرداری اوروزیراعظم محمد شہبازشریف نے فتنہ الخوارج کے بھارتی سرپرستی میں سرگرم 10 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق خیبرپختونخوا کے مختلف اضلاع میں دہشت گردوں کے خلاف 2 الگ آپریشنز کے دوران پاک فوج نے بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 10 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے۔(بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

مکہ مکرمہ؛وزیراعظم شہبازشریف؛سعودی عرب ولی عہد محمد بن سلمان اور ترکیہ کے صدر رجب طیب اردگان مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کررہے ہیں

ہ پاکستان اور سعودی عرب کے تعلقات تاریخی، برادرانہ اور باہمی احترام پر مبنی ہیں، سرفراز بگٹی

پاکستان ہمیشہ خطے اور دنیا میں پائیدار امن، باہمی احترام، خودمختاری اور تعاون کے فروغ کے لیے اپنا مثبت کردار ادا کرتا رہے

کوئٹہ(این این آئی)وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مکہ مکرمہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے مشترکہ دفاعی معاہدے کا خیرمقدم کرتے ہوئے اسے خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کے لیے تاریخی اور اہم پیشرفت قرار دیا ہے وزیراعلیٰ نے کہا کہ مکہ مکرمہ میں طے پانے والا یہ تاریخی معاہدہ تین برادر ممالک کے (بقیہ 1 4 صفحہ 3 پر)

ایک ملک پر حملہ تینوں پر حملہ تصور کیا جائیگا، معاہدے کے تحت تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید فروغ دیا جائے گا مشترکہ اعلامیہ

سعودیہ، پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دفاعی معاہدہ طے پاگیا

معاہدے پر ولی عہد محمد بن سلمان، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم شہباز شریف نے دستخط کئے، گرم جوشی سے مصافحہ کیا

پاکستان، ترکیے اور سعودیہ کا دفاعی معاہدہ علاقائی امن کیلئے مددگار ثابت ہوگا جس کے مثبت اثرات پورے خطے پر مرتب ہونگے، سعودی وزیرخارجہ فیصل بن عزیز

مکہ مکرمہ /اسلام آباد (این این آئی)سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کر دیئے جس کے تحت باہمی دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید فروغ دیا جائے گا،تینوں ممالک میں سے کسی ایک کے خلاف کوئی بھی مسلح حملہ، تینوں ممالک کے خلاف حملہ تصور کیا جائے گا، تاریخی معاہدے پر سعودی عرب کے ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمعہ کو مکہ مکرمہ میں ہونے والے سربراہی اجلاس کے موقع پر دستخط کیے۔وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق تینوں ممالک کے درمیان مشترکہ دفاع کے لیے مکہ المکرّمہ میں ہونے والے سربراہی اجلاس کیلئے خادم الحرمین الشریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز آل سعود کی دعوت پر جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سعودی عرب کا دورہ کیا۔ولی عہد و وزیراعظم شہزادہ (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

ترکیہ کے درمیان باہمی اعتماد، تعاون اور اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنائے گا، سرفراز بگٹی

پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والا معاہدہ خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ(این این آئی)وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے مکہ مکرمہ میں پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان ہونے والے مشترکہ دفاعی معاہدے کو تاریخی پیشرفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ معاہدہ خطے میں امن، سلامتی اور استحکام کے لیے ایک اہم سنگ میل ثابت ہوگا۔جمعہ کو جاری بیان میں وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ مشترکہ دفاعی معاہدہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے درمیان باہمی اعتماد، تعاون اور اسٹریٹجک شراکت داری کو مزید مضبوط بنائے گا اور تینوں برادر ممالک کے درمیان دفاعی تعلقات کو نئی جہت فراہم کرے گا۔(بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

قوم دہشتگردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، وزیرداخلہ

سیکیورٹی فورسز خیبرپختونخوا میں قیام امن کے لیے مکمل طور پر پرعزم ہیں، محسن نقوی

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی نے خیبرپختونخوا میں فتنہ الخوارج کے دہشتگردوں کے خلاف کامیاب آپریشنز پر سیکیورٹی فورسز کی بھرپور ستائش کی ہے۔وزیر داخلہ نے اعظم ورسک اور دیر کے علاقوں میں 10 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا۔

نیپرا نے ملک بھر کیلئے بجلی مہنگی کردی

اسلام آباد (این این آئی)نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا)(بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

وزیر ریلوے کا خیبرپختونخوا میں 10 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک فورسز کے آپریشنز جاری رہیں گے، حنیف عباسی

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے خیبرپختونخوا میں 10 خوارج کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک فورسز کے آپریشنز جاری رہیں گے۔اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک فورسز کے آپریشنز جاری رہیں گے۔

بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردعناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، آصف علی زرداری

صدرِ کا جنوبی وزیرستان اور دیر میں فتنہ الخوارج کے دس دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد (این این آئی)صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے جنوبی وزیرستان اور دیر میں فتنہ الخوارج کے بھارتی سرپرستی میں سرگرم دس دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردعناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔جمعے کو ایوانِ صدر کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدرِ مملکت نے جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم ورسک میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہتے ہوئے کہا کہ قوم اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشت گردی کے خلاف ان کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔انہوں نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گردعناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔

کوئٹہ، چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر شوکت علی جوگیزئی سے رکن قومی اسمبلی میر چھلین بلوچ کیسکو ہیڈکوارٹر میں ملاقات کررہے ہیں

وزیراعظم سے کوئی شکایت نہیں اصل لڑائی ان کے اپنے خاندان کے درمیان ہے، بلاول بھٹو

اصل لڑائی تو اسلام آباد اور لاہور کی ہے یہ لڑنا چاہتے ہیں تو لڑیں، وزیراعظم کے اردگرد موجود لوگوں کی نیت صاف نہیں، جلسہ سے خطاب

باغ(این این آئی)چیئرمین پیپلزپارٹی بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ مجھے وزیراعظم سے کوئی شکایت نہیں اصل لڑائی کچھ اور ہے یہ ان کے خاندان کا مسئلہ ہے وہ لڑنا چاہتے ہیں تو لڑیں، وزیراعظم کے اردگرد موجود لوگوں کی نیت صاف نہیں،(ن)لیگ حکومت کی الٹی گنتی شروع ہوچکی، یہ گنتی پی پی نے نہیں ان کے اپنے لوگوں نے شروع کروائی، جو لوگ کہتے ہیں حکومت مدت پورے کرے گی انہیں خود بھی یقین نہیں۔پیپلزپارٹی کے جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر اپنی تاریخ کے ایک نہایت کٹھن اور غیرمعمولی دور سے گزر رہا ہے جس کی مثال ماضی میں نہیں ملتی۔انہوں نے کہا کہ اس مشکل صورتحال کا سب سے زیادہ بوجھ عام عوام پر پڑا ہے، جو نہ کسی (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی ضروری مرمت اور ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں بجلی بند رہے گی، کیسکو

کوئٹہ(این این آئی) کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں برقی لائنوں کی ضروری مرمت اور ترقیاتی کام کئے جارہے ہیں۔اس سلسلے میں 9اگست کو (بروزاتوار) (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

عوامی نیشنل پارٹی شہداء کی جماعت ہے، زمرک خان اچکزئی

سانحہ 8 اگست جیسے المناک واقعات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا، انجینئر

کوئٹہ(این این آئی)عوامی نیشنل پارٹی کے پارلیمانی لیڈر انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا ہے کہ عوامی نیشنل پارٹی شہداء کی جماعت ہے اور سانحہ 8 اگست جیسے المناک واقعات کو بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ 8 اگست 2016 کا سانحہ بلوچستان اور پاکستان کی تاریخ کا ایک سیاہ باب ہے، جس میں ملک کے نامور وکلا، صحافیوں (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

عالمی سطح پر اشیائے خورونوش کی قیمتیں 3 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں

اسلام آباد (این این آئی)عالمی سطح پر اشیائے خورونوش کی قیمتیں جولائی کے مہینے میں 3 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں۔میڈیا رپورٹ کے مطابق اقوام متحدہ (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

محسن نقوی، طلال چوہدری کا اسلام آباد سیف سٹی ہیڈکوارٹرز کا دورہ، سیف سٹی توسیعی منصوبہ 30 ستمبر تک مکمل کرنے کی ہدایت

حکومت کا عزم اسلام آباد سیف سٹی کو جدید، سمارٹ اور ترقی یافتہ ممالک کی طرز پر عالمی معیار کا ادارہ بنانا ہے، محسن نقوی

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیرمملکت برائے داخلہ طلال چوہدری نے اسلام آباد سیف سٹی ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا، جہاں وفاقی وزیر داخلہ کی زیرصدارت خصوصی اجلاس میں سیف سٹی توسیعی منصوبے پر پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

پاکستان کے امن کو سبوتاژ کرنے والے عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوں گے، ایاز صادق

سردار ایاز صادق کا جنوبی وزیرستان اور دیر میں آپریشنز کے دوران 10 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین

اسلام آباد(این این آئی)اسپیکر سردار ایاز صادق نے جنوبی وزیرستان اور دیر میں آپریشنز کے دوران 10 خوارجیوں کو جہنم واصل کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کیا ہے۔جمعہ کو اپنے ایک بیان میں انہوں نے سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشتگردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے، دہشتگردی کے خلاف سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور کامیابیاں پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں، ملک میں امن و استحکام کے قیام کے لیے سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی خدمات قابل ستائش ہیں، دہشتگردی کے مکمل خاتمے کیلئے پوری قوم اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔اسپیکر قومی اسمبلی نے (بقیہ 1 4 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹروں کے تمام جائز مطالبات اور پیشہ ورانہ مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا، بخت کاکڑ

حکومت ڈاکٹرز برادری کو صوبے کے صحت کے نظام کا بنیادی ستون سمجھتے ہوئے ان کے ساتھ مسلسل مشاورت کا عمل جاری رکھے گی، صوبائی وزیرصحت

کوئٹہ(این این آئی)پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کوئٹہ برانچ کے ایک اعلیٰ سطحی وفد نے جمعہ کو صدر پی ایم اے کوئٹہ برانچ ڈاکٹر نادر خان اچکزئی کی قیادت میں وزیرصحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ملاقات میں صوبے میں شعبہ صحت کو درپیش چیلنجز، ڈاکٹروں کے مسائل، تدریسی و ٹرشری کیئر ہسپتالوں کی انتظامی صورتحال (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر انتخابات کا تیسرا مرحلہ، پونچھ اور پلندری میں پولنگ ملتوی

ضلع باغ کے تین اور حویلی کے ایک انتخابی حلقے میں 10 اگست کو ہی پولنگ منعقد کی جائے گی، الیکشن کمیشن

مظفرآباد(این این آئی)آزاد جموں وکشمیر الیکشن کمیشن نے امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر عام انتخابات 2026 کے تیسرے مرحلے میں ضلع پونچھ اور ضلع پلندری کے تمام انتخابی حلقوں میں 10 اگست کو ہونے والی پولنگ موخر کرنے کا اعلان کر دیا ہے۔الیکشن کمیشن کے ترجمان کی جانب سے جاری پریس ریلیز کے مطابق یہ فیصلہ امن و امان سے متعلق (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

پاکستان پیپلز پارٹی کارکنوں کی جماعت ہے، سردار خیر محمد ترین

کارکن پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، پاکستان پیپلزپارٹی کوئٹہ ڈویژن کے صدر

کوئٹہ(این این آئی)پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے صدر سردار خیر محمد ترین سے جمعہ کو انکے دفتر میں صوبائی اور بلوچستان کے مختلف ڈویژنل صدور نے ملاقات کی۔ملاقات کرنے والوں میں صوبائی رہنما اختر بلوچ، پیپلزلیبر بیورو کے صوبائی صدر شاہجہان گجر، قلات ڈویژن کے صدر رفیق سجاد زہری، رخشان ڈویژن کے صدر نعیم اللہ بلوچ، لورالائی ڈویژن کے (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

آئندہ سال پاکستان اور قازقستان کے درمیان براہ راست پروازوں کا آغاز ہوگا، وفاقی وزیر

اورنگزیب خان کھچی سے قازقستان کے سفیر یرژان کستافین کی الوداعی ملاقات، دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے پر تبادلہ خیال

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر برائے قومی ورثہ وثقافت اورنگزیب خان کھچی سے پاکستان میں جمہوریہ قازقستان کے سفیر یرژان کستافین نے جمعہ کے روز ان کے دفتر میں الوداعی ملاقات کی جس میں پاکستان اور قازقستان کے درمیان ثقافت، ورثہ، تعلیم اور عوامی روابط کے فروغ سمیت دوطرفہ تعاون کو مزید وسعت دینے پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔وفاقی وزیر اورنگزیب خان کھچی نے سفیر کا خیرمقدم کرتے ہوئے پاکستان اور قازقستان کے درمیان ثقافتی تعلقات کے فروغ میں ان کی خدمات کو سراہا۔انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ دونوں ممالک کے درمیان قائم ہونے والا قریبی تعاون سفیر کے جاشین کے دور میں بھی اسی جذبے کے ساتھ جاری رہے گا۔سفیر یرژان کستافین نے پاکستان، قازقستان (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر الیکشن تیسرا مرحلہ، ضلع پونچھ اور پلندری میں انتخابات موخر

ضلع باغ کے تین انتخابی حلقوں اور ضلع حویلی کے ایک حلقہ میں حسب سابق پولنگ 10 اگست کو ہوگی، ترجمان الیکشن کمیشن

مظفرآباد (این این آئی)آزاد جموں کشمیر میں جاری عام انتخابات کے تیسرے مرحلہ میں ضلع پونچھ اور ضلع پلندری میں امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر انتخابات موخر کردیئے گئے ہیں۔ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق ضلع پونچھ اور ضلع پلندری کے انتخابی حلقوں میں 10 اگست کو پولنگ منعقد نہیں ہوگی، ضلع باغ کے تین انتخابی حلقوں اور ضلع (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ سینیٹ سیکرٹریٹ آفس کمپلیکس کا افتتاح کردیا

مضبوط جمہوری اداروں کے لیے جدید نظام، مؤثر بنیادی ڈھانچہ اور پیشہ ورانہ ماحول ناگزیر ہیں، چیئرمین سینیٹ

اسلام آباد(این این آئی)چیئرمین سینیٹ پاکستان سید یوسف رضا گیلانی نے آج پارلیمنٹ ہاس میں سینیٹ سیکرٹریٹ کے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کیے گئے آفس (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

ماہی گیری کا شعبہ برآمدی آمدن اور روزگار کا اہم ذریعہ ہے، جنید انور چوہدری

وفاقی وزیر جنید انوار چوہدری کی زیرصدارت اجلاس، مچھلی کی برآمدات بڑھانے کیلئے مراعاتی اسکیم کا جائزہ لیا

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے مچھلی اور سمندری غذائی مصنوعات کی برآمدات میں اضافے کیلئے اقدامات کا جائزہ لیتے ہوئے کارکردگی سے مشروط برآمدی مراعاتی اسکیم متعارف کرانے کی تجویز پر غور کیا جس کا مقصد موجودہ ٹیکس نظام برقرار رکھتے ہوئے برآمدات، سرمایہ کاری اور عالمی مسابقت کو فروغ دینا ہے۔اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ مجوزہ پرفارمنس بیسڈ انکریمنٹل ایکسپورٹ انسینٹو اسکیم کے تحت برآمد کنندگان کو اضافی برآمدات پر مراعات دی جائیں گی جبکہ موجودہ ٹیکس ڈھانچے میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ پاکستان کے ماہی گیری کے شعبے میں سرمایہ کاری اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دینے کا یہ (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

مکہ مکرمہ؛وزیراعظم شہبازشریف؛سعودی عرب ولی عہد محمد بن سلمان ملاقات کررہے ہیں

تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطہ مزید موثر بنائیں، پیشگی حفاظتی او ررسپانس اقدامات پر فوری عملدرآمد یقینی بنائیں، احسن اقبال

اسلام آباد (این این آئی)وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی وخصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے ہدایت کی ہے کہ تمام متعلقہ ادارے باہمی رابطہ مزید موثر بنائیں اور پیشگی حفاظتی اور رسپانس اقدامات پر فوری عملدرآمد یقینی بنائیں۔جمعہ کو این ڈی ایم اے سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم کی ہدایت پر نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی میں (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

سول ایوارڈز کے لیے نامزد شخصیات کا حتمی جائزہ مکمل، میرٹ اولین ترجیح ہے، احسن اقبال

سول ایوارڈز کا عمل مکمل شفافیت، انصاف اور میرٹ کے اصولوں کے مطابق جاری رکھا جائے گا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی)وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان سول ایوارڈز کمیٹی نے آئین پاکستان اور مقررہ اصولوں کے مطابق سائنس، تعلیم، ادب، فن اور عوامی خدمت کے شعبوں میں غیر معمولی خدمات انجام دینے والی شخصیات کی نامزدگیوں کا حتمی جائزہ لیا ہے۔

پاسپورٹ کی تجدید کی درخواستوں کو ترجیحی بنیاد پر پراسیس کرنے کی ہدایت

ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹس کی زیرصدارت اجلاس، پاسپورٹ دفاتر کی مجموعی کارکردگی، عوامی سہولیات اور سروس ڈیلیوری کا جائزہ لیا

اسلام آباد(این این آئی)ڈائریکٹر جنرل امیگریشن اینڈ پاسپورٹس محمد علی رندھاوا نے پاسپورٹ کی تجدید کی درخواستوں کو ترجیحی بنیاد پر پراسیس کرنے کی ہدایت کر دی۔تفصیلات کے مطابق محمد علی رندھاوا نے تمام زونل ہیڈز کے ساتھ ایک آن لائن اجلاس کی صدارت (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

چین پاک تعاون، پاکستان میں سالانہ کروڑوں اسپورٹس جوتے تیار کیے جائیں گے، معاہدے پر دستخط

پاکستان میں اسپورٹس جوتوں کی 16 پیداواری لائنیں قائم ہوں گی، منصوبے سے سالانہ کروڑوں جوڑوں کی پیداوار متوقع

اسلام آباد(این این آئی)پاکستان میں اسپورٹس جوتوں کی تیاری کے لیے چین پاکستان تعاون کے تحت ایک اہم منصوبہ شروع کیا جارہا ہے جس کے تحت ملک میں (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

بلور خاندان کی عوامی خدمات، سیاسی بصیرت اور عوامی فلاح کے لیے کاوشیں قابلِ ستائش ہیں، سیدال ناصر

بلور خاندان نے صوبہ خیبرپختونخوا کی ترقی، عوامی خدمت اور جمہوری اقدار کے فروغ میں ہمیشہ نمایاں کردار ادا کیا ہے

اسلام آباد(این این آئی)ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے سینیٹر حاجی ہدایت اللہ خان کے ہمراہ عوامی نیشنل پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر ریلوے حاجی غلام احمد بلور سے ان کی اسلام آباد میں واقع رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ملاقات کے دوران ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور معاشرتی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ موجودہ حالات میں قومی اتحاد، سیاسی ہم آہنگی اور باہمی تعاون وقت کی اہم ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی قوتوں کو ذاتی اور جماعتی مفادات سے بالاتر ہو کر ملک کی ترقی، خوشحالی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مشترکہ کردار ادا کرنا ہوگا۔ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے بلور خاندان کی قومی، عوامی اور جمہوری خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلور خاندان نے صوبہ خیبر پختونخوا کی ترقی، عوامی خدمت اور جمہوری اقدار کے (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ترکیے کیساتھ دفاعی معاہدہ سعودی عرب کی حفاظت کی ضمانت نہیں دیتا، ابراہیم رضائی

تہران (این این آئی)ایرانی پارلیمنٹ کی نیشنل سکیورٹی اینڈ فارن پالیسی کمیٹی کے رکن ابراہیم رضائی نے کہا ہے کہ سعودی عرب کا پاکستان اور ترکیے کے ساتھ نیا دفاعی معاہدہ سعودیہ کی حفاظت کی ضمانت نہیں دیتا۔سوشل میڈیا پر جاری پیغام میں ابراہیم رضائی نے لکھا کہ سعودی عرب کو سمجھنا چاہیے کہ ترکیے اور پاکستان کے ساتھ یہ کاغذی معاہدہ انہیں وہ تحفظ فراہم نہیں کرے گا۔

نصیرآباد، کمشنر صلاح الدین نورزئی جشن آزادی کی تیاریوں کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

انسانی اعضا کی غیرقانونی فروخت، گرفتار چینی باشندوں نے اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کرلیا

اسلام آباد (این این آئی)انسانی اعضا کی غیر قانونی فروخت کے مقدمہ میں گرفتار تین چینی باشندوں نے ضمانت کیلئے اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کرلیا۔

اسماء جنگ کیس انسانی حقوق کا سنجیدہ معاملہ ہے، کسی سطح پر نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی

کوئٹہ(این این آئی): وزیراعلیٰ بلوچستان کی مشیر برائے ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ اسماء جنگ کیس انسانی حقوق سے متعلق ایک (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

بیلاروس میں ملازمت کرنے والے پاکستانی کارکنوں کی تعداد میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، جام کمال

وزیرتجارت سے بیلاروس کے سفیر کی ملاقات، تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

اسلام آباد(این این آئی)وفاقی وزیرتجارت جام کمال خان سے بیلاروس کے سفیر آندرے میتلیتسا نے ملاقات کی، جس میں دوطرفہ اقتصادی تعلقات اور پاکستان۔بیلاروس مشترکہ وزارتی کمیشن کے آئندہ اجلاس کی تیاریوں کا جائزہ لیا گیا۔وزارت سے جاری بیان کے مطابق وفاقی وزیرتجارت اور بیلاروس کے سفیر نے دوطرفہ روابط میں بڑھتی ہوئی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا اور تجارت، سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کیا۔وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ پاکستان کے وزیراعظم اور بیلاروس کے صدر کے درمیان خوشگوار تعلقات نے دوطرفہ تعلقات کو مضبوط کیا ہے۔

جرگہ پشتونخوا وطن کے عوام کے مستقبل کا فیصلہ کرے گی، پشتونخوا میپ

کوئٹہ(این این آئی)پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، صوبائی سینئر نائب صدر اور ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا، صوبائی نائب صدر مجید خان اچکزئی، صوبائی نائب صدر وڑانگہ لونی، صوبائی جنرل سیکرٹری کبیر افغان اور دیگر صوبائی ایگزیکٹیوز نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ملک کو بحرانوں (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

راجہ فاروق حیدر کا آزاد کشمیر الیکشن میں پیپلزپارٹی پر دھاندلی، انتظامی مشینری کے استعمال کا الزام

وزارت عظمیٰ کا فیصلہ نواز شریف کریں گے، ان کا ہر فیصلہ کشمیر کی بہتری اور خوشحالی کیلئے ہوگا، سابق وزیراعظم آزاد کشمیر

مظفرآباد(این این آئی)سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ فاروق حیدر نے آزاد کشمیر الیکشن میں پیپلزپارٹی پر دھاندلی اور انتظامی مشینری کے استعمال کا الزام لگا دیا۔جاری ایک بیان میں راجہ فاروق حیدر نے کہا ہے کہ پیپلزپارٹی نے پیسے لگا کر لوگوں کے ضمیر خریدے، آزاد کشمیر نے نواز شریف کی ترقی اور خوشحالی کے وژن پر بھرپور اعتماد کا اظہار کیا، پاکستان میں بزدل لوگوں کی حکومت تھی جس کی وجہ سے بھارت نے 5 اگست کا سانحہ کیا۔راجہ فاروق حیدر نے کہا کہ وہ وقت ضرور آئیگا جب مقبوضہ کشمیر آزاد ہوکر ہمارے ساتھ پاکستان کا حصہ بنے گا، آزاد کشمیر میں نظریہ (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

پاکستانی محقق کا زرعی ترقی کے لیے مائیکروبیل ٹیکنالوجی کے فروغ پر زور

مائیکروبیل ٹیکنالوجی پاکستان میں پائیدار زراعت کے فروغ کا ذریعہ بن سکتی ہے، ڈاکٹر رضوان

سانیا(این این آئی)چین میں کام کرنے والے ایک پاکستانی زرعی محقق نے کہا ہے کہ سائنسی تعاون کو مزید فروغ دے کر پاکستان جدید چینی زرعی ٹیکنالوجیز سے استفادہ کرسکتا ہے، جس سے فصلوں کی پیداوار میں اضافہ، مٹی کی صحت میں بہتری اور پائیدار زراعت کے فروغ میں مدد ملے گی۔گوادر پرو سے گفتگو کرتے ہوئے چائنیز اکیڈمی آف ٹراپیکل ایگریکلچرل (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ اور آزاد کشمیر سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت قومی اخبار
Daily FARZAND-E-KASHMIR
روزنامہ فرزندِ کشمیر
چیف ایڈیٹر: محمد شوکت

چیف ایڈیٹر و پبلشر: محمد شوکت نے سعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ فرزند کشمیر کوئٹہ آفس نمبر 1 سیکنڈ فلور یونیورسل کمپلیکس جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
(موبائل نمبر 0300-3843995) فون نمبر:۔ 0812869391
فیکس نمبر:۔ 0512204192, 0812869207,
نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر منگ روڈ راولاکوٹ آزاد کشمیر سے شائع کیا۔

سسٹم کے ناکارہ ہونے سے متعلق وزیر داخلہ کی اپنے بیان کی وضاحت

وفاقی وزیرِ داخلہ سید محسن نقوی نے کہا ہے کہ وہ اپنی پرفارمنس پر وزیر اعظم کو جوابدہ ہیں اس لئے ان کی وزارت سمیت تمام وزارتوں کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرایا جائے اور اس کے نتائج عوام کے سامنے رکھے جائیں۔ گذشتہ روز اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وہ حکومت کا حصہ ہیں اس لئے اپنی ہی حکومت کو چارج شیٹ نہیں کر سکتے تاہم وزیر اعظم شہباز شریف نے موجودہ حالات میں بھی ریونیو میں نمایاں اضافہ کیا ہے اور ایف بی آر میں اصلاحات کی ہیں۔ وزیر اعظم روزانہ 14 سے 16 گھنٹے کام کرتے ہیں، اگر حالات مزید بہتر ہو جائیں تو ایک ہزار گنا بہتر نتائج حاصل کئے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے اس امر کا بھی اظہار کیا کہ وزیر اعظم اپنی آئینی مدت کے مطابق پانچ سال پورے کریں گے اور یہ حکومت کہیں نہیں جا رہی۔ سید محسن نقوی کا کہنا تھا کہ وہ سمجھتے ہیں، ملک میں 80 سال سے جو نظام چل رہا ہے وہ ناکارہ ہے۔ اگر نظام درست چل رہا ہوتا تو پاکستان کہیں زیادہ ترقی کر چکا ہوتا۔ ان کے بقول لوگوں کی خواہش ہے کہ ان کے اور وزیر اعظم کے تعلقات خراب ہو جائیں، وہ ان لوگوں کے شکر گذار ہیں جن کا یہ

کہنا ہے کہ میں نے 30 سال کا سفر تین سال میں طے کیا ہے۔ اس تلخ حقیقت سے تو انکار ممکن نہیں کہ عوام کی سلطانیِ جمہور سے وابستہ توقعات کبھی پوری نہیں ہو پائیں اس لیئے عوام کا سسٹم پر اعتماد بھی مضبوط نہیں ہو پایا۔ عوام جب اپنے روٹی روزگار، غربت، مہنگائی کے سنگین مسائل اور توانائی کے بے قابو ہوتے بحران کا جائزہ لیتے ہوئے حکمران اشرافیہ طبقات کی مراعات اور ان کے اللے تللوں پر نگاہ ڈالتے ہیں تو سسٹم کے ساتھ ان کی مایوسی اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ سسٹم کے ساتھ عوام کی مایوسی صرف ہمارے ملک میں ہی نہیں بلکہ اس خطے کے دوسرے ممالک بنگلہ دیش، نیپال، سری لنکا اور بھارت میں بھی بدرجہ اتم نظر آتی رہی ہے جس پر دوسرے متذکرہ ممالک میں سخت عوامی ردعمل بھی سامنے آیا اور بنگلہ دیش، نیپال اور سری لنکا میں تو سسٹم کی کایا کلپ ہو گئی جبکہ بھارت میں تعلیمی نظام سے مایوس طلبہ سروس کمیشن کی بے انصافیوں کے خلاف سڑکوں پر آ گئے جنہیں بھارتی سپریم کورٹ کے چیف جسٹس نے حقارت سے کاکروچ کہہ کر مخاطب کیا تو ایک نوجوان نے طلبہ تحریک کو بھارتیہ کاکروچ پارٹی کا لبادہ پہنا دیا اور بالآخر مودی سرکار اس کاکروچ پارٹی کی تحریک کے آگے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور ہو گئی۔ اس تناظر میں وزیر داخلہ محسن نقوی نے معاشی سربراہی کانفرنس میں پاکستان کے مروجہ نظام پر کھل کر بات کی اور اسے نہ صرف ناکارہ قرار دیا بلکہ سسٹم کے اندر سے نیا سسٹم نکالنے کی بات کی جس کے لئے انہوں نے نئے صوبوں اور نئے انتظامی یونٹس کی ضرورت پر زور دیا تو بادی النظر میں یہی عندیہ ملا کہ وہ اتحادی حکومت میں جن کی نمائیندگی کر رہے ہیں وہ ان کی جانب سے سسٹم کی تبدیلی کا پیغام دے رہے ہیں۔ یقیناً اسی بنیاد پر حکمران اتحادی جماعتوں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی کی جانب سے ردعمل آنا شروع ہوا اور مختلف فورموں پر بھی یہ سوال اٹھنے لگا کہ وزیر داخلہ کے بقول یہ سسٹم ناکارہ ہے تو اسے برقرار رکھنے کا کیا جواز رہ جاتا ہے۔ محسن نقوی نے یقیناً اس ردعمل کی بنیاد پر ہی معاشی کانفرنس میں کی گئی اپنی تقریر کی وضاحت کرنا ضروری سمجھا تاہم وضاحت کرتے ہوئے انہوں نے قیامِ پاکستان سے اب تک کے پورے 80 سالہ سسٹم کو ناکارہ قرار دے دیا جس میں بانیِ پاکستان قائداعظم کا سوا سال کا عرصہِ اقتدار بھی شامل ہے۔ ان کی اس بات پر تو پاکستان کا وجود تسلیم نہ کرنے والے عناصر بشمول بھارت کے حوصلے پاکستان کی سلامتی کے خلاف مزید بلند ہو سکتے ہیں اس لئے وزیرِ داخلہ کی وضاحت "عذرِ گناہ بدتر از گناہ" کے زمرے میں ہی آتی ہے۔ اگر وہ معاشی کانفرنس والے اپنے خیالات کا اظہار منتخب ایوانوں کے اندر یا وفاقی کابینہ کے اجلاس میں کرتے تو اس سے سسٹم کی اصلاح کے لئے ان کی فکر مندی ظاہر ہوتی مگر انہوں نے پبلک میں اس موضوع کو زیرِ بحث لا کر "یارانِ نکتہ داں" کے لئے تنقید کے راستے کھول دیئے۔ اب وہ سسٹم کو ناکارہ قرار دے کر اسی سسٹم کے چلتے رہنے اور وزیر اعظم کے اپنی آئینی مدت پوری کرنے کی بات کر رہے ہیں تو بادی النظر میں وہ اپنے بتائے گئے اسی ناکارہ سسٹم کا اب دفاع بھی کر رہے ہیں۔

یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ ملک میں غربت، مہنگائی، بے روزگاری، توانائی کے بحران، کمزور گورننس، ادارہ جاتی بدنظمی اور سرکش بیوروکریسی نے عام آدمی کی زندگیاں دشوار بنا رکھی ہیں۔ اگرچہ مختلف ادوار میں حکومتوں نے اصلاحات کے دعوے کیے، مگر عملی طور پر نظام کی بنیادی خامیوں کو دور کرنے کی سنجیدہ کوشش کم ہی نظر آئی۔ یہی وجہ ہے کہ عوام کا ریاستی اداروں اور حکومتی نظام پر اعتماد مسلسل متاثر ہوا ہے۔ جب عام آدمی کو انصاف، روزگار، سستی توانائی، معیاری تعلیم اور بروقت صحت کی سہولتیں میسر نہ ہوں اور حکمرانوں کی مسلط کردہ مہنگائی نے آبرومندی کے ساتھ زندگی گذارنے کی سکت بھی چھین لی ہو تو عوام میں بے چینی اور اضطراب پیدا ہونا فطری امر ہے۔

اس تناظر میں سید محسن نقوی کی تمام وزارتوں کا تھرڈ پارٹی آڈٹ کرانے اور اس کے نتائج عوام کے سامنے رکھنے کی تجویز ایک مثبت تجویز ہے کیونکہ شفاف احتساب اور حکومتی کارکردگی کی غیر جانبدارانہ جانچ پڑتال کسی بھی جمہوری نظام کا بنیادی تقاضا ہوتا ہے۔ اگر وزارتوں، سرکاری اداروں اور ترقیاتی منصوبوں کی کارکردگی کا آزادانہ جائزہ لیا جائے اور اس کی رپورٹ عوام کے سامنے پیش کی جائے تو اس سے نہ صرف احتساب کا عمل مضبوط ہوگا بلکہ حکومتی اداروں پر عوام کا اعتماد بھی بحال ہونے میں مدد ملے گی۔

البتہ وزیر داخلہ کے خیالات کے اظہار سے لوگوں کے دلوں میں پیدا ہونے والے اس تجسس پر انہیں مطمئن کرنا ضروری ہے کہ اگر وزیرِ داخلہ خود اس نظام کا حصہ ہیں تو ایسی بنیادی نوعیت کی گفتگو کا مناسب فورم کیا ہونا چاہیے؟ حکومتی وزرا اگر عوامی سطح پر اپنے ہی نظام پر تنقید شروع کر دیں تو اس سے حکومتی گورننس پر سوالات اٹھنا فطری امر ہوگا۔۔

پاکستان کی سیاسی تاریخ اس حقیقت کی گواہ ہے کہ محض حکومتیں بدلنے سے مسائل حل نہیں ہوتے۔ جب تک نظام میں شفافیت، میرٹ، قانون کی بالادستی، مالی نظم و ضبط، ادارہ جاتی خودمختاری اور موثر احتساب کو یقینی نہیں بنایا جائے گا، اس وقت تک سسٹم کے ثمرات سے عوام مستفید نہیں ہو سکتے جبکہ سلطانیِ جمہور کا تصور ہی عوام کی حکمرانی ہوتا ہے۔ بے شک عوام کو صرف دعوؤں اور بیانات سے نہیں بلکہ عملی اقدامات سے ہی مطمئن کیا جا سکتا ہے۔

اس وقت اتحادی حکومت ایک مشکل معاشی اور سیاسی ماحول میں ذمہ داریاں ادا کر رہی ہے اور اس حقیقت سے انکار ممکن نہیں کہ اسے متعدد داخلی اور خارجی چیلنجز کا سامنا ہے، تاہم اس کے لئے یہی وقت ہے کہ وہ صرف روزمرہ کے انتظامی معاملات تک محدود رہنے کے بجائے سسٹم کی اصلاح کو اپنی ترجیحات میں سرِ فہرست رکھے۔ سسٹم کی خرابیوں کی وجوہات کا غیر جانبدارانہ جائزہ لیا جائے اور ان خرابیوں کے سدباب کا ٹھوس بنیادوں پر لائحہ عمل طے کیا جائے۔

بے شک ملک کو سیاسی استحکام کے ساتھ ساتھ انتظامی استحکام کی بھی ضرورت ہے اور اصل کامیابی اسی وقت ہوگی جب ریاستی نظام عوام کی زندگیوں میں حقیقی بہتری لانے کے قابل ہوگا۔ آج پاکستان کو ایسے فیصلوں کی ضرورت ہے جو وقتی سیاسی فائدے کے بجائے قومی مفاد، مضبوط اداروں اور بہتر حکمرانی کی بنیاد رکھیں۔ نظام کی اصلاح محض ایک نعرہ نہیں بلکہ وقت کا اہم ترین تقاضا ہے اور جب تک اس تقاضے کو عملی جامہ نہیں پہنایا جاتا، عوام کے اعتماد کی بحالی، پائیدار معاشی ترقی اور خوشحال پاکستان کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہو سکے گا۔

"نیا نظام" آج کی نہیں، دیرینہ خواہش ہے

نصرت جاوید

مستقبل پر توجہ دینے کے بجائے ذہن میں جمع ہوئے تجربات اور مشاہدات آپ کے روبرو رکھنے کا بنیادی مقصد یاد دلانا ہے کہ "بوسیدہ اور مفلوج نظام" کو نظر بظاہر نیک نیتی کے ساتھ بدلنے کی خواہش وطن عزیز میں محسن نقوی صاحب جیسے بااثر افراد کی جانب سے پہلی بار سامنے نہیں آئی ہے۔ انہوں نے تو محض خواہش کا اظہار کیا اور ملک بھر میں قیاس آرائیوں کا کہرام مچ گیا۔ 12 اکتوبر 1999ء میں لیکن ان دنوں کے آرمی چیف اسی نیت کے تحت بقول ان کے اقتدار سنبھالنے کو مجبور کر دئے گئے تھے۔ وہ اور ان کے حامی بضد رہے کہ اگر انہیں سری لنکا سے پاکستان آتی پرواز کے دوران وزیر اعظم کے دفتر سے برطرف کرنے کا حکم جاری نہ ہوتا تو شاید "گلا سڑا" سیاسی نظام یوں ہی چلتا رہتا۔

بہرحال اقتدار سنبھالنے کے چند روز بعد انہوں نے قوم سے خطاب کیا۔ اس کے دوران گڈ گورننس کے حصول کے لئے سات نکاتی ایجنڈا پیش کر دیا گیا۔ ان کا خطاب نشر ہونے سے قبل مجھے ان دنوں پی ٹی وی کے ایم ڈی نے بذاتِ خود فون کے ذریعے اس پروگرام میں شرکت کی دعوت دی جو ان کے خطاب کے نشر ہو جانے کے فوری بعد براہِ راست نشر ہوتا تھا۔ براہِ راست نشر ہونے والے پروگرام میں شرکت کی دعوت سے میں حیران ہوا۔ منہ پھٹ کے طور پر بدنام ہوئے دو ٹکے کے اس رپورٹر کو ایک "حساس" خطاب پر براہ راست تبصرہ آرائی کی دعوت میرے لئے ناقابل یقین تھی۔ اس میں شرکت کو رضا مند ہو گیا اور لگی لپٹی رکھے بغیر اپنے نہایت سینئر اور مجھ سے کہیں زیادہ منہ پھٹ مانے ارد شیر کاؤس جی کی اس رائے سے اختلاف کرتا رہا کہ جنرل مشرف کا اقتدار وطن عزیز کو کرپشن سے پاک کر دے گا۔ مصر رہا کہ قوم کو جھوٹی امید نہ دلائی جائے۔ ماضی کے مارشل لاء ؒ بھی اسی نیت کے ساتھ آئے تھے۔ اپنے اہداف حاصل کرنے میں لیکن ناکام رہے۔

پروگرام میں شرکت کے بعد گھر لوٹتے ہوئے مجھے یقین تھا کہ میری گفتگو نے جنرل مشرف کو چراغ پا بنا دیا ہوگا۔ ایم ڈی پی ٹی وی کی چھٹی تو یقینی تصور کی۔ خوش گوار حیرت مگر اس پروگرام کے نشر ہو جانے کے عین ایک دن بعد ہوئی۔ علی الصبح میرے سرہانے رکھے فون کی گھنٹی بجی۔ دوسری جانب جنرل مشرف کے ایف سی کالج کے دنوں سے دوست ہوئے طارق عزیز تھے۔ انہیں جنرل صاحب نے اقتدار سنبھالتے ہی اپنے دفتر کا انچارج بنا دیا تھا۔ انہوں نے بے تکلف پنجابی میں مجھے اپنے دفتر آنے کی دعوت دی۔ میں وہاں گیا تو میرے اور ان کے درمیان تقریباً نوے منٹ تک ون آن ون گفتگو ہوتی رہی۔

طارق عزیز صاحب کے ذکر سے یاد آیا کہ جمعرات کی صبح چھپے کالم میں انہیں اور جنرل مشرف کو میں نے لاہور کے ایچی سن کالج کا طالب علم لکھ ڈالا۔ کالم چھپتے ہی مجھے ایک مہربان قاری کا واٹس ایپ پیغام ملا۔ ان کی وجہ سے یاد آیا کہ طارق عزیز اور جنرل مشرف درحقیقت ایچی سن کالج لاہور نہیں بلکہ ایف سی کالج لاہور کے طالب علم تھے۔ اسی کالج میں ان دنوں چودھری شجاعت اور اوکاڑہ سے پیپلز پارٹی کے حوالے سے مشہور ہوئے راؤ سکندر صاحب بھی ان دونوں کے ہم جماعت تھے۔ مجھ سے گفتگو کے دوران جنرل مشرف سے ایف سی کالج کی وجہ سے قربت کی وجہ طارق صاحب نے ازخود بتائی تھی۔ انہوں نے یہ اطلاع بھی دی کہ ان کا آبائی تعلق سرگودھا سے ہے۔ والدان کے بطور سیشن جج گجرات میں تعینات ہوئے تھے۔ سیاسی مخالفت کی بنیاد پر چودھری شجاعت حسین کے والد چودھری ظہور الٰہی اور ان کے خاندان کے خلاف بنائے مقدمات کی سماعت کے دوران انہوں نے انصاف فراہم کرنے کو ترجیح دی۔ چودھری ظہور الٰہی ان کی ہمت سے شدید متاثر ہوئے۔ ریٹائرمنٹ کے بعد طارق عزیز کے والد کو انہوں نے گجرات ہی میں ٹکے رہنے کو مائل کیا۔ مجھے خبر نہیں کہ وہ قائل ہوئے یا نہیں مگر چودھری ظہور الٰہی اور طارق عزیز کے والد کی قربت ان کی اولادوں میں بھی منتقل ہوگئی۔ ایف سی کالج میں طارق عزیز اور چودھری شجاعت ایک ساتھ داخل ہوئے۔ ان دونوں کی قربت برسوں تک قائم رہی۔

اپنی غلطی کے اعتراف کے بعد اصل بات کی طرف لوٹتا ہوں۔ مجھ سے پہلی ملاقات میں اپنا جنرل مشرف سے رشتہ اور چودھری شجاعت حسین سے قریبی تعلق ازخود بتانے کے بعد انہوں نے مسکراتے ہوئے یہ انکشاف بھی کیا کہ گجرات ہی کے نامور صنعت کار چودھری احمد سعید بھی جو بعدازاں جنرل مشرف نے پی آئی اے کے طاقت ور چیئرمین اور ایم ڈی تعینات کئے ان کے کلاس فیلو تھے۔ چودھری احمد سعید اور چودھری شجاعت کی سیاسی رقابت سے ہر سیاسی رپورٹر بخوبی واقف تھا۔ حیرت ہوئی کہ دونوں جنرل مشرف اور طارق عزیز کے قریبی دوستوں میں شامل ہیں۔ راؤ سکندر بعدازاں ایف سی کالج میں قائم اور استوار ہوئی دوستی کی وجہ سے پیپلز پارٹی چھوڑ کر 2002ء کے انتخابات کے بعد وفاقی کابینہ میں وزیر دفاع کا منصب سنبھالنے کو رضامند ہوگئے۔

بے تکلف پنجابی اور برجستہ سادگی کے ساتھ طارق عزیز صاحب کی جانب سے ازخود ذاتی تفصیلات کا بنیادی مقصد مجھے بتانا تھا کہ وہ اور جنرل مشرف بنیادی طور پر متوسط طبقے سے تعلق رکھتے ہیں۔ انہیں اقتدار کی ہوس لاحق نہیں۔ "نواز شریف نے سری لنکا سے پاکستان آتی پرواز کے دوران معطل کرنے کا حکم دے کر میرے دوست (پرویز مشرف) کو ٹیک اوور کرنے کو مجبور کیا ہے۔ نہ چاہتے ہوئے ملے اقتدار کے حصول کے بعد میرا دوست اس ملک کے لئے کچھ کرنا چاہتا ہے۔" یہ فقرے ادا کرنے کے بعد انہوں نے اس خواہش کا اظہار کیا کہ مجھ جیسے شہری متوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے بقول انکے "بااثر اور ایماندار" صحافی کو "میرے دوست" کی حمایت کرنا چاہیے۔

نہایت عاجزی اور ایمانداری سے میں نے عرض کیا کہ صحافی حکمران کی ٹھوس مدد حقائق کو اپنی تحریروں میں ہوبہو بیان کرنے کے ذریعے ہی کر سکتا ہے اور حقائق چھپانے سے گریز پر ثابت قدمی سے عمل کرنا ہوگا۔ یہ عرض کرنے کے بعد برجستہ ان سے فریاد کر دی کہ اگر ان کے دوست (پرویز مشرف) واقعتاً اس ملک کی صحافت کو یہ ملک سنوارنے کے لئے اپنا حقیقی مددگار بنانا چاہتے ہیں تو وزارتِ اطلاعات کا خاتمہ کر دیں۔ اقتدار سنبھالنے کے بعد قوم سے پہلے خطاب میں جنرل مشرف نے جو سات نکاتی ایجنڈا دیا اس میں "جعلی نہیں حقیقی جمہوریت" کا ذکر بھی تھا۔ اس کا ذکر کرتے ہوئے میں نے یاد دلایا کہ دنیا کے کسی بھی جمہوری ملک میں وزارتِ اطلاعات جیسا ادارہ نہیں ہوتا۔

بذاتِ خود ایک سینئر سرکاری افسر ہوتے ہوئے طارق صاحب نے عملی انداز اختیار کرتے ہوئے مجھے یاد دلایا کہ اتنے برسوں سے قائم ہوئی وزارت کو یکدم ختم کرنا ممکن نہیں۔ میری "معقول تجویز" پر البتہ بتدریج عمل ہو سکتا ہے۔ "پرویز کو میں مشورہ دوں گا کہ اپنی کابینہ تشکیل دیتے ہوئے وہ کسی شخص کو وزیر اطلاعات تعینات نہ کریں"۔ مذکورہ گفتگو کے تقریباً چند ہفتے گزر جانے کے بعد میری یاد کے مطابق کوئی بھی شخص وزیر اطلاعات تعینات نہ ہوا۔ وزارت اطلاعات کے ان دنوں سینئر ترین افسر-خواجہ اعجاز سرور- اس وزارت کے بطور وفاقی سیکرٹری نگہبان رہے۔ وزیر اطلاعات کی کرسی مگر زیادہ دنوں تک خالی نہ رہ سکی۔ ایک دن جاوید جبار کو اس منصب پر تعینات کر دیا گیا۔

جاوید جبار کی تحریروں اور تخلیقی کاموں کا میں کالج کے دنوں سے مداح رہا تھا۔ ان کے وزیر اطلاعات بن جانے کی خبر نے مجھے دھچکا پہنچایا۔ اس سے زیادہ مگر یہ جان کر طے کر لیا کہ جنرل مشرف کے دیئے سات نکاتی ایجنڈے کے باوجود "نیا نظام" بھی "آنے والی تھاں" پر لوٹ آئے گا۔ احتیاطاً یہ بھی یاد دلا دوں کہ جاوید جبار کراچی کے ایک مشہور انگریزی سکول میں جنرل مشرف کے کلاس فیلو رہے تھے۔ ان کی تعیناتی نے مجھے "دوست نوازی" کی روش یاد کرنے کو مجبور کیا۔

وزراء کی کارکردگی کا کھوکھلا ڈھول: جب احتساب سرکاری فائلوں میں دفن ہو جائے

شیخ راشد عالم

پاکستان کا موجودہ معاشی اور سیاسی منظر نامہ کسی ایسے مریض کی طرح ہے جسے آئی سی یو میں وینٹی لیٹر کی ضرورت ہے، مگر ڈاکٹر صرف نبض دیکھ کر نسخہ بدل رہے ہیں۔ وزیر اعظم شہباز شریف کی جانب سے وفاقی وزارتوں اور ڈویژنز کی گزشتہ ڈیڑھ سال کی کارکردگی کا جائزہ لینے اور قابلِ تصدیق دستاویزی ثبوت طلب کرنے کی خبر اسی سطح کی ایک انتظامی مشق ہے۔ سوال یہ ہے کہ کیا 18 معاشی و مالیاتی وزارتیں اور 14 انتظامی و سکیورٹی ڈویژنز، جن کے اپنے داخلی رپورٹ کارڈ پہلے ہی فائلوں میں بند ہیں، اب محض ایک اور فارم بھر کر اپنی نااہلی پر پردہ ڈالنے کی تیاری نہیں کر رہیں؟۔ بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی تازہ ترین رپورٹ نے پہلے ہی واضح کر دیا ہے کہ رواں مالی سال کے ترقیاتی اہداف کا حصول "انتہائی دشوار" ہے۔ آئی ایم ایف نے پاکستان کی جی ڈی پی نمو کی شرح ٹیکس وصولیوں اور بیرونی ادائیگیوں کے حوالے سے جو سنگین خدشات ظاہر کیے ہیں، وہ اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہیں کہ وزیر اعظم ہاؤس میں بیٹھ کر وزارتی کارکردگی کے فارم بھروانا ایک علامتی رسوم ہے، حقیقی جراحی نہیں۔ گورننس کے بحران کا اصل مرکز یہ ہے کہ حکومت اپنی ہی کارکردگی کا جج خود بننا چاہتی ہے جبکہ عدالتِ عوام سڑکوں پر احتجاج اور مہنگائی کی صورت میں اپنا فیصلہ سنا چکی ہے۔ تاریخ کے اوراق اٹھا کر دیکھیں تو جب بھی کسی وزیر اعظم نے اپنی کابینہ سے کارکردگی رپورٹ طلب کی، وہ عملاً بیوروکریسی کے لیے ایک نئی "کاغذی مشق" ثابت ہوئی۔ نواز شریف، شاہد خاقان عباسی، عمران خان اور اب شہباز شریف، ہر دور میں یہی ڈرامہ دہرایا گیا۔ وزارتیں پاور پوائنٹ پریزنٹیشنز، رنگین گرافس اور زبانی دعووں کے انبار لگا دیتی ہیں مگر جب پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام (PSDP) کے فنڈز کے استعمال، پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے گھپلوں اور سی پیک منصوبوں میں ہونے والی مبینہ کرپشن کی گہرائی میں جانے کا وقت آتا ہے تو فائلیں "خفیہ" یا "زیرِ تکمیل" کا ٹھپہ لگا کر الماریوں میں بند کر دی جاتی ہیں۔ اس مرتبہ بھی ایسا ہی ہوگا، الا یہ کہ حکومت آؤٹ آف باکس سوچ کا مظاہرہ کرے۔ اصل نسخہ پہلے دن سے واضح ہے: فوری، غیر جانبدار اور عوامی سطح پر تھرڈ پارٹی آڈٹ۔ وفاقی کابینہ کی کارکردگی کا جائزہ کسی اندرونی بیوروکریٹک کمیٹی سے نہیں بلکہ ایک خودمختار، بین الاقوامی معیار کے آڈٹ ادارے سے کرایا جائے۔ اس آڈٹ میں ہر وزارت کے پی ایس ڈی پی فنڈز کے استعمال، سی پیک منصوبوں کی پیش رفت، برآمدات و صنعت کے اہداف اور سماجی تحفظ کے منصوبوں کا سرجیکل معائنہ ہو۔ سب سے اہم بات یہ کہ اس تفتیش کی مکمل رپورٹ، بغیر کسی کٹ تراش کے، قومی اسمبلی میں پیش کرنے کے ساتھ ساتھ عوام کے لیے انٹرنیٹ پر جاری کی جائے۔ یہ شفافیت کی وہ بنیادی شرط ہے جس کے بغیر وزیر اعظم کا جائزہ صرف ایک پبلک ریلیشن سٹنٹ بن کر رہ جائے گا۔ تھرڈ پارٹی آڈٹ کے بغیر حقیقی احتساب کا دروازہ کھل ہی نہیں سکتا۔ جب تک کسی غیر جانبدار ادارے کے سامنے اعداد و شمار نہیں رکھے جاتے، وزارتیں اپنی مرضی کی داستان تراش کر پیش کریں گی۔ میری تحقیقاتی معلومات یہ بتاتی ہیں کہ گزشتہ مالی سال میں کئی وزارتوں نے اپنے PSDP فنڈز کی خطیر رقم "سرنڈر" کر دی کیونکہ ان کے پاس منصوبے بروقت شروع کرنے کی صلاحیت ہی نہیں تھی، جبکہ دوسری جانب انہی وزارتوں کے سیکرٹریز نے "کارکردگی" کے جھوٹے دعووؤں پر اعزازیے سمیٹے۔ کیا وزیر اعظم کے نئے جائزے میں ایسی کسی وزارت کا نام سامنے آئے گا؟ یا پھر وہی "نوٹنگ اینڈ فائلنگ" کا روایتی کھیل ہوگا؟۔ کارکردگی رپورٹ کا دوسرا اور سب سے زیادہ تلخ پہلو سزا و جزا کا فقدان ہے۔ اگر واقعی ڈیٹا پر مبنی یہ جائزہ کوئی معنی رکھتا ہے تو اس کا نتیجہ فوری اور بے رحم برطرفیوں کی صورت میں نکلنا چاہیے۔ وہ وزراء ؒ، مشیران اور وفاقی سیکرٹریز جو طے شدہ اہداف حاصل کرنے میں ناکام رہے، جن کے ماتحت منصوبے تاخیر کا شکار ہوئے، یا جن کی پالیسیوں نے عوام کی قوتِ خرید کو مزید پامال کیا، انہیں محض سرزنش یا انتباہ نہیں بلکہ کابینہ سے فوری فارغ کیا جائے۔ مزید برآں، جن وزارتوں میں فنڈز کے غلط استعمال یا غیر شفاف تقرریوں کے شواہد ملیں، ان کے سربراہان کے خلاف قومی احتساب بیورو (نیب) اور ایف آئی اے کو بغیر کسی سیاسی مداخلت کے ریفرنس دائر کرنے کا حکم دیا جائے۔ اور یہ بھی لازم ہے کہ ان تمام سرکاری عہدیداران کے عہدہ سنبھالنے سے قبل اور بعد کے اثاثوں کا فرانزک آڈٹ کرایا جائے تاکہ کرپشن کا کوئی زخم چھپا نہ رہے۔ بدقسمتی سے، پاکستان کا طبقاتی اور سیاسی ڈھانچہ ایسے کسی حقیقی احتساب کو اپنی تباہی سمجھتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ حکومت "نصف اقدامات" کو "تاریخی اصلاحات" کے نام پر بیچ رہی ہے۔ اگر آئی ایم ایف کی شرائط پر 18 فیصد سود برداشت کر کے بھی معاشی استحکام نہیں آتا تو اس کا مطلب یہ ہے کہ گورننس کا ڈھانچہ اندر سے دیمک زدہ ہے۔ وزیر اعظم ہاؤ؟ س سے لے کر کیبنٹ ڈویژن تک بیٹھے لوگ جانتے ہیں کہ اندرونی جائزہ ایک مذاق ہے، مگر جمہوری دکھاوے کی خاطر یہ تماشا جاری رکھا جاتا ہے۔ آج پاکستان کو ضرورت ہے کہ اس "سسٹم کو ری سیٹ" کیا جائے ورنہ معاشی زوال کا گراف ناقابلِ واپسی موڑ پر پہنچ جائے گا اور حکمرانی کا یہ پورا ڈھانچہ "ڈیلیٹ" ہو جائے گا۔ یہ ری سیٹ صرف تھرڈ پارٹی آڈٹ، شفاف رپورٹ کی اشاعت، قصورواروں کو جیل اور نااہلوں کو گھر بھیجنے سے ممکن ہے۔ بصورتِ دیگر، فروری 2024ء سے اب تک کی کارکردگی کا یہ جائزہ بھی ماضی کی تمام رپورٹوں کی طرح، "مستقبل کے لیے سبق" کا نوٹ لگا کر آرکائیوز کی زینت بن جائے گا۔ اور عوام پھر ایک بار مہنگائی، بے روزگاری اور بجلی کے بلوں کے طوفان میں تنہا رہ جائیں گے، اسی سرکاری کاغذی گھوڑے کے سہارے جو کبھی دوڑا نہیں کرتے۔

نئے صوبے: مسئلہ اچھی طرز حکمرانی کا ہے؟

وزیر احمد جوگیزئی

پاکستان میں جب بھی سیاسی، انتظامی یا معاشی بحران شدت اختیار کرتا ہے تو ان کے حل کے لیے نت نئے فارمولے پیش کیے جانے لگتے ہیں۔ کبھی صدارتی نظام کو تمام مسائل کی دوا قرار دیا جاتا ہے، کبھی نئے انتخابات کو واحد حل کہا جاتا ہے، کبھی آئینی ترامیم کو ناگزیر سمجھا جاتا ہے اور کبھی ملک میں نئے صوبوں کے قیام کی تجویز سامنے آ جاتی ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کی جانب سے یہ موقف سامنے آیا ہے کہ پاکستان میں موجودہ صوبے کم ہیں، اس لیے ہر ڈویژن کو ایک الگ صوبہ بنا دینا چاہیے، اگر ملک میں زیادہ صوبے قائم کر دیے جائیں تو پاکستان کے بیشتر مسائل خود بخود حل ہو جائیں گے۔ یہ تجویز اپنی جگہ قابلِ بحث ضرور ہو سکتی ہے، لیکن اصل سوال یہ ہے کہ آخر وہ کون سے مسائل ہیں جو صرف نئے صوبے بنانے سے حل ہو جائیں گے؟ کیا مہنگائی کم ہو جائے گی؟ کیا انصاف کی فراہمی بہتر ہو جائے گی؟ کیا تعلیم اور صحت کا نظام درست ہو جائے گا؟ کیا بیروزگاری ختم ہو جائے گی؟ کیا بدعنوانی کا خاتمہ ہو جائے گا؟ بدقسمتی سے ایسے خیالات پیش کرتے وقت ان بنیادی سوالات کا کوئی واضح جواب نہیں دیا جاتا۔ جمہوریت کا مطلب صرف ووٹر لسٹوں میں نام درج ہونا، ووٹ ڈال دینا یا انتخابات جیت کر اسمبلیوں میں پہنچ جانا نہیں ہوتا۔ حقیقی جمہوریت ایک مکمل نظام کا نام ہے، جس میں مضبوط ادارے، شفاف احتساب، فعال مقامی حکومتیں، آزاد عدلیہ، باصلاحیت بیوروکریسی، مستحکم معیشت اور معیاری تعلیم بنیادی ستون ہوتے ہیں۔ اگر ان ستونوں میں کمزوری آ جائے تو صرف انتخابات کرانے یا انتظامی نقشہ تبدیل کرنے سے عوام کے مسائل حل نہیں ہوتے۔ پاکستان میں سب سے پہلے ہمیں اپنے ریاستی اداروں کی کارکردگی کا جائزہ لینا ہوگا۔ ایک زمانہ تھا جب سول سروس کو ریاست کی ریڑھ کی ہڈی سمجھا جاتا تھا۔ بیوروکریسی اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت، غیر جانبداری اور نظم و ضبط کی وجہ سے دنیا بھر میں ایک مثال مانی جاتی تھی، لیکن وقت کے ساتھ ساتھ سیاسی مداخلت، اقربا پروری اور میرٹ سے انحراف نے اس ادارے کو شدید نقصان پہنچایا۔ آج وہ بیوروکریسی نہ تو پہلے جیسی خودمختار رہی ہے اور نہ ہی عوام کے مسائل حل کرنے کی وہ صلاحیت باقی رہی ہے جس پر کبھی فخر کیا جاتا تھا۔ اسی طرح معیشت کا شعبہ بھی شدید مشکلات سے دوچار ہے۔ کاروباری طبقہ کسی بھی ملک کی ترقی میں اہم کردار ادا کرتا ہے، مگر کاروباری سرگرمیوں کے فروغ کی ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے۔ حکومت کا فرض ہے کہ سرمایہ کاروں کو امن و امان، مضبوط انفراسٹرکچر، قابلِ اعتماد مالیاتی نظام، شفاف ٹیکس پالیسی اور قانونی تحفظ فراہم کرے۔ اگر سرمایہ کار خود کو غیر محفوظ محسوس کرے، پالیسیوں میں تسلسل نہ ہو اور ہر روز نئے مسائل جنم لیتے رہیں تو صرف صوبوں کی تعداد بڑھانے سے سرمایہ کاری میں اضافہ نہیں ہوگا۔ تعلیم کا شعبہ شاید سب سے زیادہ توجہ کا مستحق ہے۔ بدقسمتی سے قومی اور صوبائی دونوں سطحوں پر تعلیم کا معیار مسلسل گرتا جا رہا ہے۔ ہمارے تعلیمی ادارے تحقیق، تخلیق اور کردار سازی کے مراکز بننے کے بجائے محض ڈگریاں تقسیم کرنے والے ادارے بنتے جا رہے ہیں۔ نوجوانوں کی قیادت سازی کا عمل تقریباً ختم ہو چکا ہے۔ ماضی میں طلبہ یونینز ایک تربیتی ادارے کی حیثیت رکھتی تھیں جہاں سے سیاسی، سماجی اور قومی قیادت ابھر کر سامنے آتی تھی۔ کئی دہائیوں سے طلبہ یونینز پر پابندی کے باعث قیادت کی نئی نسل تیار نہیں ہو رہی۔ یہ حقیقت ہے کہ لیڈر بازاروں یا فٹ پاتھوں پر نہیں ملتے بلکہ تعلیمی اداروں میں تربیت کے ذریعے تیار ہوتے ہیں۔ اسی طرح انصاف کا نظام بھی عوام کی توقعات پر پورا نہیں اتر رہا۔ عدل کسی بھی ریاست کی بنی

(1)

محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود نے جمہوریہ ترکیہ کے صدر اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیراعظم کا مکہ المکرّمہ کے قصر الصفا میں استقبال کیا جہاں مشترکہ دفاع کے لیے مکہ المکرّمہ سربراہی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس کے دوران مملکت سعودی عرب، جمہوریہ ترکیہ اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے درمیان قائم دیرینہ تعلقات کا جائزہ لیا گیا، نیز باہمی دلچسپی کے متعدد امور پر تبادلہ خیال کیا گیا تینوں ممالک کے مابین دیرینہ تاریخی تعلقات، اخوت اور اسلامی یکجہتی کے پائیدار رشتوں، مشترکہ تزویراتی مفادات اور دفاعی شعبے میں طویل عرصے سے جاری تعاون کی روشنی میں مملکت سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، جمہوریہ ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان، اور اسلامی جمہوریہ پاکستان کے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کیے۔ دفاعی معاہدے پر دستخطوں کے بعد تینوں رہنماؤں نے گرمجوشی سے مصافحہ کیا ان کے درمیان انتہائی خوشگوار ماحول میں غیر رسمی جملوں کا بھی تبادلہ ہوا۔ اس موقع پر چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر، نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطا اللہ تارڑ اور وزیراعظم کے معاون خصوصی طارق فاطمی بھی موجود تھے۔ بیان کے مطابق یہ معاہدہ تینوں ممالک کی جانب سے اپنی اجتماعی سلامتی کو مزید مستحکم کرنے اور خطے سمیت دنیا بھر میں امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے تاکہ ایک محفوظ اور خوشحال مستقبل کے حصول کو یقینی بنایا جاسکے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ معاہدے کا مقصد کسی بھی جارحیت کے خلاف اجتماعی دفاع کو مضبوط بنانا ہے۔ معاہدے میں یہ واضح طور پر طے کیا گیا ہے کہ تینوں ممالک میں سے کسی ایک کے خلاف کوئی بھی مسلح حملہ تینوں ممالک کے خلاف حملہ تصور کیا جائے گا۔ مزید برآں معاہدہ تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید وسعت دینے اور مضبوط بنانے کی بھی ضمانت دیتا ہے۔ ڈبل ازیں دفتر خارجہ کی طرف سے جاری اعلامیہ کے مطابق اجلاس میں سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے درمیان تعلقات کا جائزہ لیا گیا جبکہ باہمی دلچسپی کے متعدد امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ تینوں ممالک کے درمیان دیرینہ تاریخی تعلقات، اخوت اور اسلامی یکجہتی کے مضبوط رشتوں، مشترکہ تزویراتی مفادات اور طویل عرصے سے جاری دفاعی تعاون کو مدنظر رکھتے ہوئے سعودی عرب کے ولی عہد اور وزیراعظم شہزادہ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آل سعود، ترکیہ کے صدر رجب طیب اردوان اور پاکستان کے وزیراعظم محمد شہباز شریف نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کئے۔ دفتر خارجہ کے مطابق یہ معاہدہ تینوں ممالک کے اس مشترکہ عزم کا مظہر ہے کہ وہ اپنی اجتماعی سلامتی کو مزید مضبوط بنائیں گے اور خطے سمیت عالمی سطح پر امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ کے لئے مل کر کام کریں گے تاکہ ایک محفوظ اور خوشحال مستقبل کی بنیاد رکھی جاسکے۔ اس معاہدے کا مقصد کسی بھی جارحیت کے خلاف مشترکہ دفاعی صلاحیت اور اجتماعی قوت کو مضبوط بنانا ہے۔ معاہدے کے مطابق تینوں ممالک میں سے کسی ایک پر ہونے والا کوئی بھی مسلح حملہ، تینوں ملکوں پر حملہ تصور کیا جائے گا۔ معاہدے میں یہ بھی طے پایا ہے کہ تینوں ممالک کے درمیان دفاعی تعاون کے تمام شعبوں کو مزید فروغ دیا جائے گا۔ دریں اثناء اپنے بیان میں صدر مملکت آصف علی زرداری نے تاریخی مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے اور اس سے باہر امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ میں ایک اہم پیش رفت قرار دیا ہے۔ ایکس پر اپنی پوسٹ میں صدر مملکت نے کہا کہ یہ تاریخی معاہدہ مشترکہ دفاعی صلاحیت کو مضبوط بناتا ہے، دفاعی تعاون کو مزید گہرا کرتا ہے اور تینوں برادر ممالک کے تحفظ اور خوشحال مستقبل کے لئے مشترکہ عزم کی توثیق کرتا ہے۔ صدر مملکت نے اس اہم اقدام کو آگے بڑھانے میں وزیراعظم محمد شہباز شریف اور چیف آف آرمی سٹاف و چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے کردار کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدام برادرانہ تعلقات اور سٹریٹجک شراکت داری کے دیرینہ رشتوں پر استوار ہے۔ صدر مملکت نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس تاریخی معاہدے کو بابرکت بنائے اور پوری امت مسلمہ کو دائمی امن، سلامتی اور خوشحالی عطا فرمائے دوسری جانب سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان نے پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان ہونے والے معاہدے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ معاہدہ علاقائی امن کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوگا جس کے مثبت اثرات پورے خطے پر مرتب ہونگے۔ اپنے بیان میں سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان نے کہا کہ مشترکہ دفاعی معاہدہ پاکستان اور ترکیہ کے ساتھ مضبوط تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے مکہ معاہدے کو ترکیہ اور پاکستان کے ساتھ دفاعی تعاون میں ایک اہم سنگ میل قرار دیتے ہوئے کہا کہ مکہ معاہدہ امن اور استحکام کے تحفظ کے لیے مشترکہ سیاسی عزم کو ظاہر کرتا ہے۔ فیصل بن فرحان نے کہا کہ معاہدہ علاقائی امن کو فروغ دینے میں مددگار ثابت ہوگا جس کے مثبت اثرات پورے خطے پر مرتب ہونگے۔

(2)

ترجمان کے مطابق پہلی کارروائی 6 اگست کو جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم ورسک میں کی گئی، جہاں بھارتی حمایت یافتہ فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں نے سیکیورٹی فورسز کی چیک پوسٹوں پر حملے کی کوشش کی۔ فورسز نے بروقت اور مؤثر کارروائی کرتے ہوئے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنادیا اس دوران شدید فائرنگ کے تبادلے میں 8 دہشت گرد مارے گئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق دوسری کارروائی ضلع دیر میں کی گئی، جہاں سیکیورٹی فورسز نے مزید 2 دہشت گردوں کو ہلاک کردیا اس طرح دونوں کارروائیوں میں مجموعی طور پر 10 دہشت گرد مارے گئے۔ بیان میں مزید بتایا گیا ہے کہ ہلاک ہونے والے دہشت گردوں کے قبضے سے اسلحہ اور بھاری مقدار میں گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔ سیکیورٹی اداروں کے مطابق یہ عناصر علاقے میں متعدد دہشت گرد کارروائیوں میں سرگرم رہے تھے۔ ترجمان پاک فوج نے بتایا کہ ان علاقوں میں مزید دہشت گردوں کی موجودگی کے خدشے کے پیش نظر کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے۔ بیان کے مطابق وفاقی ایپلس ٹیٹی کے منظور کردہ قومی ایکشن پلان کے تحت عزم استحکام وژن کے مطابق پاکستان کی سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے ادارے غیر ملکی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے انسداد دہشت گردی کی کارروائیاں پوری شدت کے ساتھ جاری رکھیں گے۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے جنوبی وزیرستان اور دیر میں فتنہ الخوارج کے بھارتی سرپرستی میں سرگرم 10 دہشت گردوں کو ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین کیا ہے۔ انہوں نے جنوبی وزیرستان کے علاقے اعظم ورسک میں فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کا حملہ ناکام بنانے پر سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کو سراہا۔ آصف زرداری نے کہا کہ قوم اپنی بہادر سیکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ کھڑی ہے اور دہشت گردی کے خلاف ان کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں سرگرم دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا۔ دریں اثناء، وزیراعظم نے جنوبی وزیرستان اور ضلع دیر میں کامیاب کارروائیوں پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ قوم اپنے بہادر جوانوں کی پیشہ ورانہ صلاحیت، جرات اور قربانیوں پر فخر کرتی ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ بھارتی سرپرستی میں دہشت گردی پھیلانے والے عناصر کے ناپاک عزائم کو ہر قیمت پر ناکام بنایا جائے گا، آپریشن عزم استحکام کے تحت دہشت گردی کے مکمل خاتمے تک دہشت گردوں کے خلاف کاروائیاں بھرپور عزم کے ساتھ جاری رہیں گی۔ وزیراعظم نے کہا کہ حکومت اور پوری قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنی سیکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

(3)

نے ملک بھر کیلئے بجلی 75 پیسے فی یونٹ مہنگی کردی اس حوالے سے جاری نوٹیفکیشن کے مطابق بجلی جون کی ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کی مد میں مہنگی کی گئی ہے۔ نیپرا کے مطابق ماہانہ ایڈجسٹمنٹ کا اطلاق کیالیکٹرک صارفین پر بھی ہوگا۔ اضافے کا اطلاق رواں ماہ اگست کے بلوں میں کیا جائے گا۔ سی پی پی اے نے جون کی ایڈجسٹمنٹ میں ایک روپے 20 پیسے فی یونٹ کا اضافہ مانگا تھا۔ اس سے پہلے مئی کی ایڈجسٹمنٹ میں ملک بھر کیلئے بجلی 34 پیسے مہنگی کی گئی تھی۔

(4)

اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی سے متعلق مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد نے وزیر صحت کو ڈاکٹروں کو درپیش انتظامی، پیشہ ورانہ اور سروس سے متعلق مسائل سے آگاہ کیا اور ان کے فوری اور دیرپا حل کے لیے پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن کی سفارشات پیش کیں۔ وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے وفد کو یقین دہانی کرائی کہ حالیہ عرصے میں معطل کیے گئے تمام ڈاکٹروں کو آئندہ دو سے تین دن کے اندر ان کی سابقہ جائے تعیناتی پر بحال کر دیا جائے گا تاکہ طبی خدمات کا سلسلہ برقرار رہے اور ڈاکٹروں میں پائی جانے والی بے چینی کا خاتمہ ہو۔

(5)

سیاسی جماعت سے وابستہ ہیں اور نہ ہی کسی احتجاجی تحریک کا حصہ ہیں، یہ وہ شہری ہیں جن کی واحد خواہش پرامن زندگی گزارنا ہے، وہ اپنے بچوں کو تعلیم کیلئے اسکول بھیجنا چاہتے ہیں، پیشہ ورانہ فرائض کی انجام دہی کے لیے اپنے دفاتر اور ہسپتالوں تک رسائی چاہتے ہیں، اور اپنے روزگار و کاروبار کو بحال رکھنا چاہتے ہیں مگر موجودہ حالات میں ان کی روزمرہ کی زندگی شدید متاثر ہو کر رہ گئی ہے، طویل بندشوں، رابطوں کے انقطاع اور غیر یقینی کی فضا نے نہ صرف معاشی سرگرمیوں کو مفلوج کر دیا ہے بلکہ بنیادی سہولیات تک رسائی بھی مشکل بنا دی ہے جس کے باعث عام خاندانوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے اور ریاست کی ذمہ داری ہے کہ وہ فوری طور پر ایسے اقدامات کرے جن سے عوام کو ریلیف ملے اور معمولاتِ زندگی بحال ہوں۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آزاد کشمیر میں گزشتہ کئی ہفتوں سے جاری انٹرنیٹ کی بندش اور مسلسل احتجاج کے باوجود عوامی مسائل کا کوئی مؤثر اور دیرپا حل سامنے نہیں آسکا۔ انہوں نے کہا کہ مواصلات کے تعطل اور نقل و حرکت کی بندش نے تعلیمی اداروں، صحت کی سہولیات اور مقامی تجارت کو شدید متاثر کیا ہے جس کے اثرات براہِ راست عام شہریوں پر مرتب ہو رہے ہیں۔

(6)

میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کا دفاعی تعاون مسلم امہ کے اجتماعی مفادات کے تحفظ، علاقائی سلامتی اور مشترکہ استحکام کے فروغ میں معاون ثابت ہوگا۔ ان کے بقول مکہ معاہدہ تینوں ممالک کے محفوظ، مستحکم اور خوشحال مستقبل کے مشترکہ عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ اس اہم دفاعی معاہدے کو ممکن بنانے میں وزیراعظم پاکستان اور فیلڈ مارشل کا کردار قابل تحسین ہے، جبکہ مکہ مکرمہ میں ہونے والا یہ تاریخی معاہدہ خطے میں مشترکہ سلامتی کے ایک نئے باب کا آغاز ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اس تاریخی معاہدے کو پاکستان، سعودی عرب، ترکیہ اور پوری مسلم امہ کے لیے خیر و برکت اور امن و استحکام کا ذریعہ بنائے۔

(7)

اور شہریوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ عوامی نیشنل پارٹی نے ہمیشہ دہشت گردی کے خلاف بے شمار قربانیاں دی ہیں اور پارٹی کے کارکنوں اور رہنماؤں نے وطن کے امن و استحکام کے لیے اپنی جانیں قربان کیں۔ انجینئر زمرک خان اچکزئی نے کہا کہ شہدا کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دیا جائے گا اور عوامی نیشنل پارٹی ہر فورم پر امن، جمہوریت اور عوام کے حقوق کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے زور دیا کہ سانحہ 8 اگست کے شہداء کو خراجِ عقیدت پیش کرنا اور ایسے واقعات کی روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔

(8)

تیغ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ایئر پورٹ روڈ، چشمہ، داریم، عمر، ویسٹرن بائی پاس، کڈنی سینٹر، سی ٹی ایس، آریا ہسپتال، ادیان فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک نیز اسی روز مری آباد گرڈ اسٹیشن کے گلستان روڈ، حالی روڈ فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہیگی۔ اسی طرح 10 اگست کو (بروز پیر) مری آباد گرڈ اسٹیشن کے مری آباد، کاسی ون، کاسی ٹو فیڈرز جبکہ کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv اولڈ سمنگلی، پی اے ایف، انٹر لیکیج فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے جبکہ تیغ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv جبل نور، ویسٹرن بائی پاس، خروٹ آباد، ٹکاتو، ادیان، دوستین، داریم فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی۔ اسکے علاوہ 10 اگست کے روز زرغون گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں قلی بائی پاس، صاحبزادہ، ایف سی، عسکری ون فیڈروں سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی کی فراہمی معطل رہے گی۔ تاہم کیسکو نے بجلی بندش پر زحمت کیلئے متعلقہ صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی اپیل کی ہے۔

(9)

کے ادارہ برائے خوراک و زراعت (ایف اے او) نے بتایا کہ عالمی سطح پر اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں موسمیاتی حالات اور ایران، امریکا جنگ کے باعث نمایاں اضافہ ہوا اور وہ 3 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئیں۔ ایف اے او پرائس انڈیکس میں عالمی اجناس کی قیمتوں میں آنے والی ماہانہ تبدیلیوں کو ٹریک کیا جاتا ہے۔ اس انڈیکس کے مطابق اشیائے خورونوش کی قیمتیں جولائی میں 131.1 پوائنٹ تک پہنچ گئیں جو کہ جون میں 130.3 تھی، یہ قیمتیں جنوری 2023 کے بعد اب تک کی بلند ترین سطح ہے۔ ایف اے او کے چیف اکنامسٹ نے گزشتہ دنوں خبر رساں ادارے کو بتایا تھا کہ دنیا کو ایک بار پھر اشیائے خورونوش کی مہنگائی کا سامنا ہے جس کی وجہ ایران اور یوکرین کی جنگوں کے ساتھ موسمیاتی رجحان ایل نینو بننے کا عمل ہے جو کہ فصلوں کی کاشت پر اثر انداز ہوسکتا ہے۔ ایل نینو ایک ایسا موسمیاتی رجحان ہے جس کے نتیجے میں بحرالکاہل کے پانی کا بڑا حصہ معمول سے کہیں زیادہ گرم ہوجاتا ہے اور زمین کے مجموعی درجہ حرارت میں بھی اضافہ ہوتا ہے۔ عالمی ادارے کے مطابق گندم کی قیمتوں میں 5.8 فیصد اضافہ ہوا جس کے نتیجے میں اجناس کی قیمتوں میں مجموعی طور پر 3.4 فیصد اضافہ ہوا۔ بحیرہ اسود میں گندم کی برآمد متاثر ہونے اور درجہ حرارت میں اضافے سے گندم پیدا کرنے والے خطوں میں فصلوں کی کاشت متاثر ہوئی۔ ایف اے او کے وینتیشل آئل انڈیکس کی قیمتوں میں 2 فیصد اضافہ ہوا جو کہ جون 2022 کے بعد کی بلند ترین سطح ہے۔ ایران جنگ اور ہائیڈ ڈیزل کی مانگ میں اضافے کے باعث وینتیشل آئل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔ یورپ اور ایشیا میں موسمیاتی خدشات کے باعث چینی کی قیمت میں 5.6 فیصد اضافہ ہوا۔ البتہ گوشت کی قیمتوں میں 2.8 فیصد کمی دیکھنے میں آئی۔

(10)

اور وسطی ایشیا کے ممالک کے درمیان تاریخی، ثقافتی اور برادرانہ تعلقات کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ان مضبوط روابط کو مزید فعال اور مستحکم بنانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ آئندہ سال پاکستان اور قازقستان کے درمیان براہ راست پروازوں کا آغاز ہوگا جس سے سیاحت، تجارت اور ثقافتی تبادلوں کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے پاکستانی طلبہ کے لیے قازقستان کی جانب سے فراہم کی جانے والی تعلیمی وظائف (سکالرشپس) کا بھی ذکر کیا۔

(11)

حویلی کے ایک حلقہ میں حسب سابق پولنگ 10 اگست کو ہوگی۔ الیکشن کمیشن کے مطابق انتخابات موخر کرنے کا فیصلہ امن و امان کی صورتحال کے حوالے سے تحفظات اور بعض سیاسی شخصیات اور امیدواروں کی جانب سے الیکشن کمیشن کو دی گئی درخواستوں کے پیش نظر کیا گیا۔ انتخابات کی نئی تاریخ اور نظر ثانی شدہ شیڈول کا اعلان حالات کا جائزہ لینے اور تمام متعلقہ امور کو مدنظر رکھتے ہوئے بعد ازاں کیا جائے گا۔ انتخابات ملتوی کرنے کا فیصلہ امن و امان کی صورتحال کے تناظر میں کیا گیا تاکہ انتخابات کا انعقاد آزادانہ، منصفانہ شفاف اور پرامن ماحول میں یقینی بنایا جاسکے۔ ڈبل ازیں الیکشن کمیشن آزاد جموں و کشمیر اسمبلی کے 10 اگست کو ہونے والے انتخابات کے تیسرے مرحلے میں پونچھ ڈویژن میں پولنگ ملتوی ہونے سے متعلق گردش کرنے والی خبروں کو بے بنیاد اور خلافِ حقائق قرار دیا تھا۔ ترجمان الیکشن کمیشن نے ایک بیان میں واضح کیا ہے کہ پونچھ ڈویژن کے تمام حلقہ جات میں پولنگ 10 اگست کو الیکشن کمیشن کے جاری کردہ شیڈول کے مطابق ہوگی۔ انہوں نے الیکشن ملتوی ہونے کی خبروں کو بے بنیاد اور حقائق کے منافی قرار دیتے ہوئے ووٹرز سے اپیل کی ہے کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں اور 10 اگست کو مقررہ شیڈول کے مطابق اپنا حقِ رائے دہی استعمال کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ پولنگ شیڈول میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں الیکشن کمیشن کی جانب سے بروقت آگاہ کیا جائیگا۔ واضح رہے کہ سوشل میڈیا پر متعدد صارفین پشموں آزاد کشمیر کے چند صحافیوں کی جانب سے پونچھ اور سدھنوتی اضلاع کے کچھ حلقوں میں الیکشن ملتوی ہونے کی خبریں شیئر کی گئیں تھیں۔ ان حلقوں میں کالعدم ایکشن کمیٹی کی جانب سے لگ بھگ دو ماہ سے جاری احتجاج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کیساتھ تصادم کی وجہ سے الیکشن کا عمل پہلے ہی غیر یقینیت کا شکار تھا، جس میں سوشل میڈیا پر چلنے والی افواہوں کی وجہ سے اضافہ ہوا۔ انتخابات کے پہلے دو مرحلوں میں آزاد جموں و کشمیر کی دو ڈویژنز میں الیکشن کا عمل کامیابی سے مکمل ہو چکا ہے جس میں مسلم لیگ ن نے واضح برتری حاصل کی ہے جبکہ پیپلز پارٹی نے دھاندلی کے الزامات لگاتے ہوئے میر پور ڈویژن کے 4 حلقوں کے نتائج پر تحقیقات کا مطالبہ کر رکھا ہے۔

(12)

لمپلیکس کا افتتاح کر دیا، یہ اقدام ادارہ جاتی جدید کاری، انتظامی اصلاحات اور پارلیمنٹ کی استعداد کار کو مزید مضبوط بنانے کے ان کے وژن کی تکمیل کی جانب ایک اور اہم سنگ میل ہے۔ افتتاحی تقریب میں سیکرٹری سینیٹ سید حسنین حیدر، سینیٹ سیکرٹریٹ کے اعلیٰ افسران اور منصوبے پر عملدرآمد سے وابستہ حکام نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ مضبوط جمہوری اداروں کے لیے جدید نظام، مؤثر بنیادی ڈھانچہ اور پیشہ ورانہ ماحول ناگزیر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سینیٹ سیکرٹریٹ کی جدید کاری وسیع تر اصلاحاتی ایجنڈے کا حصہ ہے، جس کا مقصد ادارہ جاتی کارکردگی میں اضافہ، خدمات کی فراہمی کو بہتر بنانا اور سیکرٹریٹ کو پارلیمنٹ کی آئینی ذمہ داریوں کی ادائیگی میں مؤثر معاونت کے لیے ضروری سہولیات اور صلاحیت سے لیس کرنا ہے۔ میئر مین سینیٹ نے اس امر پر زور دیا کہ یہ منصوبہ جدت، پائیداری اور عوامی وسائل کے محتاط اور دانشمندانہ استعمال کے لیے سینیٹ سیکرٹریٹ کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی تعمیرات کرنے کے بجائے اس اقدام میں مؤثر منصوبہ بندی کے ذریعے موجودہ بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے اور اس کے بہترین استعمال پر توجہ مرکوز کی گئی، جس کے نتیجے میں دفاتر کی فعالیت میں اضافہ، کام کی جگہوں کے انتظام میں بہتری اور ادارہ جاتی استعداد کار میں اضافہ ہوا ہے۔

اس اقدام کے تحت سینیٹ سیکرٹریٹ نے پہلی مرتبہ تزئین و آرائش کیے گئے آفس لمپلیکس میں جدید ترین ویری ایبل ریفریجرنٹ فلو ایئر کنڈیشننگ سسٹم نصب کیا ہے۔ جدید فریش ایئر آکسیجن فیچر سے لیس یہ نظام مسلسل تازہ اور آکسیجن سے بھرپور ہوا کی فراہمی کو یقینی بناتا ہے جبکہ بہترین توانائی کی بچت، درجہ حرارت پر درست کنٹرول اور اندرونی ہوا کے معیار میں بہتری فراہم کرتا ہے۔ اس کے نتیجے میں افسران اور عملے کے لیے زیادہ صحت مند، آرام دہ میسر آتا ہے۔ منصوبے کے تحت موجودہ دفتری لے آؤٹ کو بھی بہتر بنایا گیا ہے، جس سے عمارت کے مجموعی رقبے میں اضافہ کیے بغیر سمارٹ اور اضافی دفتری جگہ پیدا کی گئی ہے۔ چیئرمین سینیٹ نے منصوبہ مینجمنٹ ٹیم، انجینئرز، آرکیٹیکٹس، سسٹنٹس اور سی ڈی اے کے عملے سمیت ان تمام افراد کی خدمات کو سراہا جن کی پیشہ ورانہ مہارت، لگن اور باریک بینی سے کی گئی منصوبہ بندی نے اس منصوبے کی کامیاب تکمیل کو یقینی بنایا۔ ادارہ جاتی معیار اور بہترین کارکردگی کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے چیئرمین سینیٹ نے کہا کہ پارلیمانی اداروں کی جدید کاری مؤثر، جوابدہ اور شفاف طرز حکمرانی کے لیے ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ جدید سہولیات سینیٹ سیکرٹریٹ کی انتظامی استعداد کو مزید مضبوط بنانے، تنظیمی کارکردگی میں اضافہ کرنے اور افسران و اہلکاروں کو پارلیمنٹ اور اس کی قائمہ کمیٹیوں کو مزید مؤثر معاونت فراہم کرنے کے قابل بنانے میں اہم کردار ادا کریں گی۔ یہ اقدام چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی کی ادارہ جاتی ترقی، جدید کاری اور پائیدار اصلاحات پر مسلسل توجہ کا عکاس ہے، جو پارلیمانی طرز حکمرانی کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ عوامی وسائل کے موثر استعمال کو یقینی بنانے کے لیے اختراعی اور جدید حل اپنانے کے سینیٹ سیکرٹریٹ کے عزم کو مزید تقویت دیتا ہے۔

(13)

تحفظات، بعض سیاسی شخصیات اور امیدواروں کی جانب سے موصول ہونے والی درخواستوں، اور متعلقہ اداروں سے حاصل ہونے والی معلومات کی روشنی میں کیا گیا ہے۔ ترجمان نے واضح کیا کہ ضلع پونچھ اور ضلع پلندری کے انتخابی حلقوں میں 10 اگست کو پولنگ نہیں ہوگی، تاہم ضلع باغ کے تین انتخابی حلقوں اور ضلع حویلی کے ایک انتخابی حلقے میں پہلے سے جاری شیڈول کے مطابق 10 اگست کو ہی پولنگ منعقد کی جائے گی۔ پریس ریلیز کے مطابق مؤخر کیے گئے حلقوں کیلئے نئی تاریخ اور نظر ثانی شدہ انتخابی شیڈول کا اعلان بعد ازاں حالات کا جائزہ لینے اور تمام متعلقہ امور کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا جائے گا۔ الیکشن کمیشن نے کہا کہ انتخابات موخر کرنے کا مقصد آزادانہ، منصفانہ، شفاف اور پرامن ماحول میں ووٹنگ کے انعقاد کو یقینی بنانا ہے، جبکہ کمیشن انتخابی عمل کی شفافیت اور عوام کے اعتماد کو ہر صورت برقرار رکھنے کیلئے پرعزم ہے۔

(14)

دہشتگردی کے خلاف جاری آپریشنز کی کامیابی کے لیے نیک تمنا کا اظہار کیا اور کہا کہ پاکستان کے امن کو سبوتاژ کرنے والے عناصر اپنے مذموم مقاصد میں بھی کامیاب نہیں ہوں گے۔ اسپیکر سردار ایاز صادق نے دہشتگردی کے ناسور کے مکمل خاتمے کیلئے قومی عزم کا اعادہ کیا۔

(15)

سائنسز (CATAS) کے سانیا ریسرچ انسٹی ٹیوٹ میں پاکستانی پوسٹ ڈاکٹریٹ محقق ڈاکٹر حافظ محمد رضوان نے سانیا، صوبہ ہائی نان میں یاز ہو ٹرائیپکل ایگریکلچرل سائنس انٹرنیشنل ٹیلنٹ انسٹیٹیوٹ کے افتتاح کے بعد اپنے خیالات کا اظہار کیا۔ وہ تقریب میں بین الاقوامی محققین کی نمائندگی کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ایک پاکستانی سائنسدان کی حیثیت سے میں خود کو دونوں ممالک کے درمیان ایک پل سمجھتا ہوں۔

(16)

سنجیدہ اور قابلِ تشویش معاملہ ہے، جسے کسی بھی سطح پر معمولی یا نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ بلوچستان کی متاثرہ بچی انصاف کی متلاشی ہے اور ہر ذی شعور فرد کو ہر قسم کی مصلحت سے بالاتر ہو کر حق اور انصاف کا ساتھ دینا ہوگا۔ اپنے ایک جاری بیان میں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی متاثرہ خاندان سے مسلسل رابطے میں ہیں جبکہ محکمہ داخلہ بھی اس معاملے پر پوری طرح متحرک ہے۔ حکومت بلوچستان اسماء جنگ کے خاندان کو انصاف کی فراہمی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات یقینی بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان انسانی حقوق، خواتین اور بچوں کے تحفظ کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہے اور کسی بھی متاثرہ شہری کو انصاف کے حصول میں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ اسماء جنگ کیس میں قانون کے تقاضوں کے مطابق شفاف اور مؤثر کارروائی کو یقینی بنایا جائے گا۔ مشیر ویمن ڈویلپمنٹ نے کہا کہ خواتین اور بچوں کے خلاف کسی بھی قسم کے ظلم، تشدد یا ناانصافی کو برداشت نہیں کیا جاسکتا۔ معاشرے کے تمام طبقات کو ایسے حساس معاملات میں ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرین کی آواز بننا چاہیے اور انہیں انصاف کی فراہمی کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ اسماء جنگ کو ضرور انصاف ملے گا، حکومت بلوچستان اس معاملے پر سنجیدہ ہے اور متاثرہ خاندان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انصاف کی فراہمی ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس کیس میں قانون و انصاف کے تقاضوں کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا

(17)

ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا ہے کہ اسماء جنگ کیس انسانی حقوق سے متعلق ایک سنجیدہ اور قابلِ تشویش معاملہ ہے، جسے کسی بھی سطح پر معمولی یا نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ بلوچستان کی متاثرہ بچی انصاف کی متلاشی ہے اور ہر ذی شعور فرد کو ہر قسم کی مصلحت سے بالاتر ہو کر حق اور انصاف کا ساتھ دینا ہوگا۔ اپنے ایک جاری بیان میں ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی متاثرہ خاندان سے مسلسل رابطے میں ہیں جبکہ محکمہ داخلہ بھی اس معاملے پر پوری طرح متحرک ہے۔ حکومت بلوچستان اسماء جنگ کے خاندان کو انصاف کی فراہمی کے لیے تمام ممکنہ اقدامات یقینی بنا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان انسانی حقوق، خواتین اور بچوں کے تحفظ کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہے اور کسی بھی متاثرہ شہری کو انصاف کے حصول میں تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ اسماء جنگ کیس میں قانون کے تقاضوں کے مطابق شفاف اور مؤثر کارروائی کو یقینی بنایا جائے گا۔ مشیر ویمن ڈویلپمنٹ نے کہا کہ خواتین اور بچوں کے خلاف کسی بھی قسم کے ظلم، تشدد یا ناانصافی کو برداشت نہیں کیا جاسکتا۔ معاشرے کے تمام طبقات کو ایسے حساس معاملات میں ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے متاثرین کی آواز بننا چاہیے اور انہیں انصاف کی فراہمی کے لیے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ ڈاکٹر ربابہ خان بلیدی نے کہا کہ اسماء جنگ کو ضرور انصاف ملے گا، حکومت بلوچستان اس معاملے پر سنجیدہ ہے اور متاثرہ خاندان کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انصاف کی فراہمی ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے اور اس کیس میں قانون و انصاف کے تقاضوں کو ہر صورت مقدم رکھا جائے گا۔

(18)

صدر لالا رحمت کدیزئ

انتظامی نظام کو موثر کیلئے نئے صوبوں کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے، شیخ مختار احمد اعوان

پارلیمنٹ نئے صوبوں کے قیام کیلئے عملی اقدامات کا آغاز کرے، چیئرمین پاسبانِ وطن پاکستان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاسبانِ وطن پاکستان شیخ مختار احمد اعوان نے ملک میں نئے صوبوں کے قیام کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انتظامی نظام کو موثر، عوام دوست اور مضبوط بنانے کے لیے نئے صوبوں کا قیام وقت کی اہم ضرورت ہے، یہ کسی صوبے کو تقسیم کرنے کا نہیں بلکہ پاکستان کو مزید مضبوط اور مستحکم بنانے کا معاملہ ہے، بڑے صوبے کا انتظام ایک ہی وزیراعلیٰ کے لیے موثر انداز میں چلانا انتہائی مشکل ہے۔

وزیراعظم کی سعودی ولی عہد شیخ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آلسعود سے ملاقات

مکہ مکرمہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے سعودی ولی عہد و وزیراعظم شیخ محمد بن سلمان بن عبدالعزیز آلسعود سے ملاقات کی۔ وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ کی طرف سے جاری بیان کے مطابق یہ ملاقات مکہ مکرمہ کے قصرالصفا میں ہوئی۔

معیشت کی تیز رفتار ترقی سے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے، قیصر احمد شیخ

پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون کے وسیع مواقع موجود، حکومت سرمایہ کاری اور جدت کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، قیصر احمد شیخ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بورڈ آف انویسٹمنٹ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے درمیان اقتصادی تعاون کو مزید وسعت دینے کے بے شمار مواقع موجود ہیں جن سے دونوں ممالک کی مشترکہ ترقی، سرمایہ کاری اور صنعتی تعاون کو نئی جہت مل سکتی ہے۔ وہ گلوبل ساؤتھ انوویشن اینڈ انویسٹمنٹ سمٹ 2026 سے بطور مہمان خصوصی خطاب کررہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ چین کی غیر معمولی معاشی ترقی مستقل اور تسلسل کے ساتھ اپنائی گئی پالیسیوں، موثر منصوبہ بندی اور اجتماعی فیصلوں کا نتیجہ ہے جس سے پاکستان بھی رہنمائی حاصل کرسکتا ہے، حکومت سرمایہ کاری کے فروغ، صنعتی ترقی اور کاروبار دوست ماحول کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے۔ قیصر احمد شیخ (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

اوورسیز پاکستانی اور کشمیری اپنے وطن اور کمیونٹی کا قیمتی سرمایہ ہیں

برمنگھم (این این آئی) لندن میں معروف قبائلی، سیاسی و سماجی شخصیت راجہ حق نواز نواز جانباز اور کشمیر کمیونٹی کے زیر اہتمام سابق صوبائی وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور ممتاز قبائلی رہنما سردار عبدالرحمان کھیتران کے اعزاز میں ایک پروقار ظہرانہ پارٹی کا انعقاد کیا گیا۔

وزیر داخلہ کا سیف سٹی ہیڈکوارٹرز کا دورہ، توسیعی منصوبہ 30 ستمبر تک مکمل کرنے کا ٹاسک

سیف سٹی توسیعی منصوبے پر مجموعی طور پر 85 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اسلام آباد سیف سٹی توسیعی منصوبے کو 30 ستمبر تک ہر صورت مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن مقرر کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو سیف سٹی بل حتمی شکل دے کر جلد از جلد قومی اسمبلی میں پیش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی اور وزیر مملکت طلال چوہدری نے سیف سٹی ہیڈکوارٹرز کا دورہ کیا، اس موقع پر وزیر داخلہ کی زیر صدارت ایک خصوصی اجلاس منعقد ہوا جس میں توسیعی پراجیکٹ پر اب تک ہونے والی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

کوئٹہ، پاکستان پیپلز پارٹی کوئٹہ ڈویژن کے صدر سردار خیر محمد ترین سے صوبائی رہنما اختر بلوچ، شاہجہان گجر اور بلوچستان کے مختلف ڈویژنل صدور ملاقات کر رہے ہیں

وزیراعظم کا سعودی ولی عہد نے پرتپاک استقبال کیا

مکہ مکرمہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف کا دورہِ سعودی (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

سفیر پاکستان کا کیلڈرون ٹیکسٹائلز کا دورہ، پاک امریکا تجارتی تعاون کے فروغ پر زور

حکومت کاروبار دوست پالیسیوں کے ذریعے دوطرفہ تجارت کے فروغ، غیر ملکی سرمایہ کاری کے مزید مواقع پیدا کرنے کیلئے پرعزم ہے، رضوان سعید شیخ

واشنگٹن (این این آئی) سفیر پاکستان رضوان سعید شیخ نے کیلڈرون ٹیکسٹائلز کا دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے پاک امریکا تجارتی تعاون کے فروغ کے عزم کا اعادہ کیا۔ امریکا میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے ریاست انڈیانا میں قائم معروف ٹیکسٹائل کمپنی کیلڈرون ٹیکسٹائلز کا دورہ کیا، جو صحت اور طب کے شعبوں میں ٹیکسٹائل مصنوعات فراہم کرنے والی نمایاں امریکی کمپنیوں میں شمار ہوتی ہے۔

صدر زرداری کا میجر طفیل محمد شہید کیبری پر وطن عزیز کے دفاع کیلئے ان کی لازوال قربانی اور بے مثال شجاعت کو زبردست خراج عقیدت

میجر طفیل محمد شہید کی عظیم قربانی اور بے مثال شجاعت ہمیشہ قوم کے لیے باعث فخر اور ہماری آنے والی نسلوں کے لیے مشعل راہ رہے گی، بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے میجر طفیل محمد شہید نشان حیدر کی 68ویں برسی پر وطن عزیز کے دفاع کے لیے ان کی لازوال قربانی اور بے مثال شجاعت کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ میجر طفیل محمد شہید نے لکشمی پور سیکٹر میں دشمن کے ناجائز قبضے کا خاتمہ کرتے ہوئے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا اور دفاع وطن کی تاریخ میں سنہری باب رقم کیا۔

خیبر پختونخوا اسمبلی، تاحیات بلیو پاسپورٹ کی شق واپس لے لی گئی

اراکین اسمبلی کے لیے تاحیات پاسپورٹ کی شق واپس لے لی گئی، صحافیوں کے جرمانے اور سزا بھی کم کردی گئی ہے

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا اسمبلی نے اراکین کے لیے مختص مراعات واستحقاق ایکٹ 2026 میں ترامیم متفقہ طور پر منظور کرلی، جس میں بلیو پاسپورٹ کی شق بھی واپس لے لی گئی ہے۔

گوادر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر تحفظ ماحولیات طارق بلوچ ساحلوں کی صفائی اور ماحولیاتی تحفظ کے فروغ کے لیے عوامی آگاہی مہم سے خطاب کر رہے ہیں

ہزارہ کے عوام کو ان کا آئینی اور جمہوری حق دیا جائے، رہنما پاکستان تحریک صوبہ ہزارہ

لیگی رہنما مخلص ہیں تو وہ پارلیمنٹ میں صوبہ ہزارہ کے قیام کی حمایت کریں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک صوبہ ہزارہ کے رہنماوں نے کہا کہ پچھتونوں سے ہماری کوئی دشمنی نہیں، ہمارا مطالبہ صرف یہ ہے کہ ہزارہ کے عوام کو ان کا آئینی اور جمہوری حق دیا جائے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ ماضی میں ایسے قوانین اور سیاسی حکمتِ عملیاں اختیار کی گئیں جن کا مقصد ہزارہ کے عوام کی تحریک کو کمزور کرنا تھا۔

ملک میں ہفتہ وار مہنگائی میں اضافہ، 20 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوگئیں

ایک ہفتے میں 20 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں، 9 اشیا سستی اور 22 کی قیمتیں مستحکم رہیں

اسلام آباد (این این آئی) ملک بھر میں ہفتہ وار مہنگائی میں معمولی اضافہ ہوگیا۔ ادارہ شماریات کے مطابق ملک میں ہفتہ وار مہنگائی میں 0.28 فیصد اضافہ ہوا ہے، ایک ہفتے میں 20 اشیائے ضروریہ مہنگی ہوئیں جب کہ 9 اشیا سستی اور 22 کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ ادارہ شماریات نے بتایا کہ پیاز 10.1 اور مرغی 9.19 فیصد مہنگی ہوئی جبکہ دال چنا 2.4 فیصد، گھی اور آٹا سمیت کئی اشیا کی قیمتوں میں اضافہ ہوا۔

بلوچستان اس وقت اپنی تاریخ کے نہایت نازک اور سنگین دور سے گزر رہا ہے، مولانا واسع

جمعیت علماء اسلام کسی ایک قوم، قبیلے، زبان یا طبقے کی جماعت نہیں بلکہ ملک کے چاروں صوبوں میں یکساں عوامی پذیرائی رکھنے والی وفاقی اور نظریاتی سیاسی قوت ہے، مولانا عبدالواسع

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع اور صوبائی جنرل سیکرٹری مولانا آغا محمود شاہ نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جمعیت علماء اسلام کسی ایک قوم، قبیلے، زبان یا طبقے کی جماعت نہیں بلکہ ملک کے چاروں صوبوں میں یکساں عوامی پذیرائی رکھنے والی وفاقی اور نظریاتی سیاسی قوت ہے، جو پاکستان کے طول وعرض میں عوام کے حقوق، آئین کی بالادستی، جمہوریت کے استحکام اور وفاق کی مضبوطی کی علمبردار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے اجتماعی، آئینی، سیاسی اور معاشی حقوق کے تحفظ کے لیے جمعیت علماء اسلام کا کردار کسی سے پوشیدہ نہیں۔ صوبے کے وسائل پر صوبے کے حق، ریکوڈک منصوبے میں بلوچستان کے مفادات، ساتویں این ایف (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور ترکیے کیساتھ دفاعی معاہدہ سعودی عرب کی حفاظت کی ضمانت نہیں دیتا، ابراہیم رضائی

سعودی عرب کو چاہیے کہ وہ اپنی پالیسیاں تبدیل کرے تاکہ اسے تحفظ کے لیے دوسروں کے سامنے ہاتھ نہ پھیلانا پڑے، رکن ایرانی پارلیمنٹ

تہران (این این آئی) ایرانی پارلیمنٹ کی نیشنل سکیورٹی اینڈ فارن پالیسی کمیٹی کے رکن ابراہیم رضائی نے کہا ہے کہ سعودی عرب کا پاکستان اور ترکیے کے ساتھ نیا (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

کراچی، بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

غیر قانونی پیوندکاری کا مقدمہ، عدالت نے ڈاکٹر نادر حسین اور عدیل حیدر کی ضمانت بحالی کی درخواستیں خارج کردیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے انسانی اعضا کی غیر قانونی پیوندکاری کے مقدمے میں 2 ملزمان ڈاکٹر نادر حسین اور عدیل حیدر کی ضمانت منسوخی کا سیشن کورٹ کا حکم برقرار (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

بلوچستان ویمن پارلیمنٹری کاکس کی جانب سے اسماء بلوچ اور ان کے خاندان سے اظہارِ یکجہتی

کوئٹہ (این این آئی) ویمن پارلیمنٹری کاکس، بلوچستان صوبائی اسمبلی، اسماء بلوچ اور ان کے خاندان کو گزشتہ کئی برسوں سے مبینہ طور پر درپیش دھمکیوں، جبری شادی کی کوششوں، اغوا، تشدد اور متعدد حملوں پر گہرے دکھ، افسوس اور شدید تشویش کا اظہار کرتی ہے۔

صدر مملکت آصف علی زرداری کا تاریخی مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کا خیر مقدم

دفاعی تعاون کو مزید گہرا کرتا ہے، تینوں برادر ممالک کے محفوظ اور خوشحال مستقبل کے لئے مشترکہ عزم کی توثیق کرتا ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے تاریخی مکہ مشترکہ دفاعی معاہدے پر دستخط کا خیر مقدم کرتے ہوئے اسے خطے اور اس سے باہر امن، سلامتی اور استحکام کے فروغ میں ایک اہم پیش رفت قرار دیدیا ہے۔ جمعہ کو ایکس پر اپنی پوسٹ میں صدر مملکت نے کہا کہ یہ تاریخی معاہدہ مشترکہ دفاعی صلاحیت کو مضبوط بناتا ہے، دفاعی تعاون کو مزید گہرا کرتا ہے اور تینوں برادر ممالک کے محفوظ اور خوشحال مستقبل کے لئے مشترکہ عزم کی توثیق کرتا ہے۔

لورالائی، شہر کو صاف ستھرا، سرسبز اور ماڈل سٹی بنانے کے لیے میونسپل کمیٹی کا بھرپور صفائی آپریشن جاری ہے

احسن اقبال کی زیر صدارت قومی پرائس مانیٹرنگ کمیٹی کا اجلاس

حکومت کا مقصد صرف خامیوں کی نشاندہی کرنا نہیں، ہر شہری کو تحفظ، معیاری اور صحت بخش خوراک کی فراہمی یقینی بنانا ہے، وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات و خصوصی اقدامات پروفیسر احسن اقبال کی زیر صدارت قومی پرائس مانیٹرنگ کمیٹی (این پی ایم سی) کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک میں مہنگائی کی صورتحال، اشیائے خورونوش کے معیار اور ضروری اشیا کی قیمتوں کے رجحانات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

پاکستانی آم لینڈ پورٹ کے ذریعے سنکیانگ پہنچ گئے

رواں سال کی پہلی کھیپ کاشغر اور کورلا کی مقامی منڈیوں میں پہنچ گئی

کاشغر (این این آئی) پاکستان سے 2 ٹن آموں کی کھیپ رواں سال پہلی بار سنکیانگ پہنچ گئی، کسٹم کلیئرنس کے بعد آم کاشغر اور کورلا کی مقامی منڈیوں میں فروخت کے لیے پہنچا دیے گئے، جس سے خطے میں درآمدی تازہ پھلوں کی فراہمی میں اضافہ ہوا ہے۔ چائنہ اکنامک نیٹ کے مطابق پاکستانی آم چین اور پاکستان کے درمیان قائم ایک لینڈ پورٹ کے ذریعے سنکیانگ پہنچے۔

پاکستان اسپورٹس بورڈ کے 250 ریٹائرڈ ملازمین دو ماہ سے پنشن سے محروم

متاثرہ ریٹائرڈ ملازمین کا وفاقی حکومت سے فوری مداخلت اور دادرسی کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان اسپورٹس بورڈ کے ریٹائرڈ ملازمین نے دو ماہ سے پنشن کی عدم ادائیگی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وفاقی وزیر اور سیکرٹری برائے بین الصوبائی رابطہ سے فوری مداخلت کی اپیل کی ہے

جسٹس مسرت ہلالی ریٹائر، سپریم کورٹ میں فل کورٹ ریفرنس کا انعقاد

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کی جج جسٹس مسرت ہلالی ریٹائر ہوگئیں، ان کے اعزاز میں فل کورٹ ریفرنس کا انعقاد کیا گیا۔ سپریم کورٹ پرنسپل سیٹ پر 9 ججز فل کورٹ ریفرنس میں بذریعہ ویڈیو لنک شریک ہوئے، فل کورٹ ریفرنس میں اٹارنی جنرل منصور عثمان کا پیغام پڑھ کر سنایا گیا۔

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار کا شناختی کارڈ دلوا دیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) درخواست گزار زاہدہ نے بتایا کہ انہوں نے اپنے CNIC کے اجراء کے لیے درخواست دی، نیڈن متعلقہ محکمہ CNIC کے اجراء میں تاخیر کررہی ہے۔ مختلف کمیٹیوں کے سامنے پیش ہونے اور تمام متعلقہ دستاویزات فراہم کرنے کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہذا، درخواست گزار نے انصاف کے حصول کے لیے وفاقی محتسب کوئٹہ کے دفتر میں درخواست جمع کی۔

بیوٹمر یونیورسٹی میں نصیر آباد کے ماحولیاتی مسائل پر مشترکہ تحقیقی مطالعے کے حوالے سے اسلامک ریلیف پاکستان، آئی او ایم کے وفد اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ کی ملاقات کر رہے ہیں

جنوبی وزیرستان میں کامیاب آپریشنز، وفاقی وزیر علیم خان کا سکیورٹی فورسز کو شاندار خراج تحسین

پوری قوم دہشت گردی پر قابو پانے کے لیے اپنے اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے جنوبی وزیرستان میں دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سکیورٹی فورسز کو شاندار خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ پوری قوم دہشت گردی پر قابو پانے کے لیے اپنے اداروں کے ساتھ شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ سکیورٹی اداروں نے ایک بار پھر بھرپور انداز میں اپنے فرائض ادا کیے ہیں اور فتنہ الخوارج کی سرکوبی کے لیے ان کے مستقل مزاجی سے کیے گئے اقدامات لائق تحسین ہیں۔

سلامتی کونسل کی سوات میں دہشت گرد حملے کی مذمت

دہشت گردی بین الاقوامی امن وسلامتی کیلئے سنگین ترین خطرات میں سے ایک ہے، ترجمان

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل اراکین نے 2 اگست کو کبل میں پولیس اسٹیشن کے باہر خودکش حملے کی مذمت کی ہے۔ ترجمان اقوام متحدہ سلامتی کونسل نے کہا کہ دہشت گرد حملے میں کم از کم 16 پاکستانی شہری جاں بحق اور درجنوں زخمی ہوئے، کالعدم تحریک طالبان پاکستان نے سوات حملے کی ذمہ داری قبول کی۔ سلامتی کونسل کے اراکین متاثرین کے اہلخانہ، حکومت پاکستان اور عوام سے ہمدردی اور تعزیت کرتے ہیں۔

کسی وزیر کے بیان سے حکومتیں نہیں جاتیں، حذیفہ رحمٰن

محسن نقوی اپنے بیان کی وضاحت کر چکے ہیں، اب اس معاملے کو ختم ہو جانا چاہیے، معاون خصوصی

اسلام آباد (این این آئی) وزیرِ اعظم شہباز شریف کے معاونِ خصوصی حذیفہ رحمٰن نے کہا ہے کہ کسی وزیر کے بیان سے حکومتیں نہیں جاتیں، یہ حکومت اپنی آئینی مدت مکمل کرے گی۔ ایک انٹرویو میں حذیفہ رحمٰن نے کہا کہ وفاقی وزیرِ داخلہ محسن نقوی اپنے بیان کی وضاحت کر چکے ہیں، اس لیے اب اس معاملے کو ختم ہو جانا چاہیے، محسن نقوی کے وزیرِ اعظم شہباز شریف سے ذاتی تعلقات اور دوستی بھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری سے ایسے بیان کی توقع نہیں تھی۔

آل پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشنز جوائنٹ ایکشن کمیٹی کی وفاقی وزیر تعلیم سے ملاقات

فیڈرل بورڈ اینڈ انٹرمیڈیٹ سیکنڈری سکولز فیسوں میں غیر معمولی اضافے پر تحفظات کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) آل پرائیویٹ سکولز ایسوسی ایشنز جوائنٹ ایکشن کمیٹی کے وفد نے وفاقی وزیر برائے وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں سابق رکن بورڈ آف گورنرز ناصر محمود، رکن بورڈ آف گورنرز حافظ محمد بشارت صدر چیپمر آف ایجوکیشن پاکستان، صدر اپسما شمالی پنجاب ابرار احمد خان، صدر NAPS چوہدری محمد عبیداللہ، صدر پرائیویٹ سکولز نیٹ ورک مقبول حسین ڈار، صدر PSCMA ملک نسیم احمد اور سابق ممبر بورڈ آف گورنرز و صدر اپسما خواتین ونگ راولپنڈی ڈویژن (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ میں تجارتی سرگرمیاں معمول کے مطابق جاری ہیں، ضیاء لانگو

ٹریفک رواں دواں ہے اور عوام و تاجروں کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے اچانک کوئٹہ شہر کا دورہ اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لیا۔ جمعہ کو صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو نے معاون خصوصی برائے مکمل داخلہ بابر یوسفزئی کے ہمراہ لیاقت بازار، قندھاری بازار، پرنس روڈ، زرغون روڈ، سریاب روڈ، بروری روڈ، گاہی چوک، جوائنٹ روڈ اور دیگر علاقوں کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے سیکیورٹی انتظامات اور مجموعی صورتحال کا جائزہ لیا۔ دورے کے دوران وزیر داخلہ نے دکانداروں اور شہریوں سے ملاقات بھی کی اور ان سے امن و امان کی صورتحال اور کاروباری سرگرمیوں سے متعلق تبادلہ خیال کیا۔ میر ضیاء اللہ لانگو نے شہر میں سیکیورٹی انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کوئٹہ بھر میں تجارتی سرگرمیاں (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ کے شہری سانحہ 8 اگست کو پوری زندگی بھلا نہ پائیں گے اس سانحہ میں ہماری ایک پڑھی لکھی پوری نسل کو ہم سے چھین لیا

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر مرکزی رہنما چوہدری نعیم کریم نے سانحہ 8 اگست کے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ کوئٹہ کے شہری سانحہ 8 اگست 2016 کو پوری زندگی بھلا نہ پائیں گے اس سانحہ میں ہماری ایک پڑھی لکھی پوری نسل کو ہم سے چھین لیا سانحہ 8 اگست کے شہداء نے اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کر کے ملک کی پاسداری کے لئے جو مثال قائم کی ہے۔

پاکستان ورچوئل اثاثہ سروس پروائیڈرز کے لیے مکمل لائسنسنگ نظام کے قیام کے مزید قریب پہنچ گیا

وزیر مملکت و چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی بلال بن ثاقب نے اجلاس کی صدارت کی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت و چیئرمین پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی (پیوارا) بلال بن ثاقب نے کہا ہے کہ پاکستان ورچوئل اثاثہ سروس پروائیڈرز کے لیے مکمل لائسنسنگ نظام کے قیام کے مزید قریب پہنچ گیا ہے اتھارٹی کی یہ پیش رفت پاکستان کے ورچوئل اثاثہ جات کے شعبے کے لیے ایک اہم سنگ میل ہے۔ ورچوئل اثاثہ جات کے لیے ریگولیٹری فریم ورک کی تیاری ہو رہی ہے والی پیش رفت کا جائزہ لینے سے متعلق پاکستان ورچوئل ایسٹس ریگولیٹری اتھارٹی (پیوارا) کے تیسرے اجلاس میں گورنر اسٹیٹ بینک، سیکریٹری خزانہ، سیکریٹری قانون، چیئرمین ایس ای سی پی، چیئرمین پاکستان ڈیجیٹل اتھارٹی سمیت دیگر اعلیٰ حکام شریک ہوئے۔

کسی وزیر کے بیان سے حکومتیں نہیں جاتیں، حذیفہ رحمٰن

ٹک ٹک صرف مسلم لیگ (ن) کے لیے نہیں، سندھ اور بلوچستان کی حکومتوں کیلئے بھی ہوگی، معاون خصوصی وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف کے معاون خصوصی حذیفہ رحمٰن نے کہا ہے کہ کسی وزیر کے بیان سے حکومتیں نہیں جاتیں، یہ حکومت اپنی آئینی مدت مکمل کرے گی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے حذیفہ رحمٰن نے کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اپنے بیان کی وضاحت کر چکے ہیں، اس لیے اب اس معاملے کو ختم ہو جانا چاہیے، محسن نقوی کے وزیر اعظم شہباز شریف سے ذاتی تعلقات اور دوستی بھی ہے۔

فیسکو کی نجکاری، ترکیہ، چینی سرمایہ کاروں سمیت 12 ملکی وغیر ملکی گروپ میدان میں

فیصل آباد (این این آئی) فیسکو کی نجکاری کیلئے 12 ملکی و غیر ملکی سرمایہ کاروں نے دلچسپی ظاہر کردی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق فیسکو کی نجکاری کے لیے ترکیہ، چین اور پاکستان کے بڑے کاروباری گروپس میدان میں آگئے، فیسکو کے 51 سے 100 فیصد حصص خریدنے کیلئے 12 اظہارات دلچسپی موصول ہوئیں۔

جب بھی پاکستان میں مسلم لیگ ن کی حکومت قائم ہوئی آزاد کشمیر میں تعمیر و ترقی کا دور دورہ ہوا، رانا ثناء اللہ

آزاد کشمیر میں (ن) لیگ حکومت سازی کیلئے مطلوبہ تعداد میں کامیابی حاصل کرچکی، عوام سے کئے گئے وعدے پورے کرینگے، وزراء

پاکستان کشمیر کے بغیر نامکمل ہے، کشمیر پاکستان کی شہ رگ ہے، ہم کشمیر ہیں اور کشمیر ہمارا ہے، خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے امور کشمیر و گلگت بلتستان انجینئر امیر مقام اور وزیراعظم کے مشیر برائے بین الصوبائی رابطہ رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر میں مسلم لیگ (ن) حکومت سازی کیلئے مطلوبہ کامیابی حاصل کرچکی ہے، وہاں نئے دور کا آغاز ہوگا، عوام سے کئے گئے وعدے پورے کریں گے، جب بھی پاکستان میں مسلم لیگ ن کی حکومت قائم ہوئی آزاد کشمیر میں تعمیر و ترقی کا دور دورہ ہوا، انتخابی مہم کے دوران کئے گئے ایک ایک اعلان کو عملی جامہ (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

پی ٹی آئی کو حکومت کے ساتھ مذاکرات کی بحالی یا دوبارہ مذاکرات شروع کرنے کی کوئی دعوت یا تجویز نہیں دی، سردار ایاز صادق

اگر ڈاکٹر طارق فضل چوہدری اور ملک محمد عامر ڈوگر کے درمیان مذاکرات کے حوالے سے کوئی گفتگو ہوئی ہے تو مجھے علم نہیں، سپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے واضح کیا ہے کہ انہوں نے گزشتہ روز رکن قومی اسمبلی ملک محمد عامر ڈوگر سے ملاقات کے دوران پاکستان تحریک انصاف کو حکومت کے ساتھ مذاکرات کی بحالی یا دوبارہ مذاکرات شروع کرنے کی کوئی دعوت یا تجویز نہیں دی، اس ملاقات میں وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری بھی موجود تھے، قومی اسمبلی کے آئندہ اجلاس سے متعلق امور کے حوالے سے گفتگو ہوئی، انہوں نے واضح کیا کہ ملاقات کے دوران حکومتی اور اپوزیشن بنچوں کے درمیان مذاکرات کی بحالی یا آغاز کے حوالے سے کوئی بات چیت یا تجویز زیر غور نہیں آئی۔

مکہ مکرمہ، وزیراعظم شہباز شریف اور فیلڈ مارشل جنرل سید عاصم منیر اور وفاقی وزراء عمرہ ادا کر رہے ہیں

روس کے ساتھ تجارت اور سیاحت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کو مزید وسعت دی جارہی ہے، فیصل نیاز ترمذی

روس کے ساتھ تجارت، رابطہ، تعلیم، مصنوعی ذہانت، ثقافت اور سیاحت سمیت مختلف شعبوں میں تزویراتی تعاون کو مزید وسعت دی جارہی ہے، انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) روس میں پاکستان کے سفیر فیصل نیاز ترمذی نے کہا ہے کہ پاکستان یوریشین اکنامک یونین کے ساتھ آزاد تجارتی معاہدہ طے کرنے کی جانب پیش رفت کر رہا ہے، روس کے ساتھ تجارت، رابطہ، تعلیم، مصنوعی ذہانت، ثقافت اور سیاحت سمیت مختلف شعبوں میں تزویراتی تعاون کو مزید وسعت دی جارہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے روسی خبر رساں ادارے کو دیئے گئے انٹرویو میں کیا۔

طارق فضل چوہدری کا بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

وطنِ عزیز کے امن واستحکام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے جوان پوری قوم کا فخر ہیں، وفاقی وزیر پارلیمانی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے جنوبی وزیرستان اور ضلع دیر میں بھارتی سرپرستی میں سرگرم فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائی پر سکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ جمعہ کو سماجی رابطہ کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ وطنِ عزیز کے امن و استحکام کے لیے جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے ہمارے جوان پوری قوم کا فخر ہیں۔

جو بھی وزیر ملا سب نے کہا ہماری بیوروکریسی ڈرتی ہے کام نہیں کرتی، چیئرمین نیب

قانون میں نیب کو اختیارات دیے گئے ہیں، نیب کو قیام سے اب تک 5 لاکھ 5 ہزار 799 شکایات موصول ہوئیں، ڈی جی آپریشنز نیب

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین نیب نذیر احمد بٹ نے کہا ہے کہ جو بھی وزیر ملا سب نے کہا ہماری بیوروکریسی ڈرتی ہے کام نہیں کرتی۔ سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ آپ شاید پہلی دفعہ کمیٹی میں آئے ہیں جس پر انہوں نے جواب دیا کہ بطور چیئرمین نیب پہلی دفعہ آیا ہوں۔ ہدایات پر چیئرمین نیب نذیر احمد بٹ پیش ہوئے۔ چیئرمین نیب سے مکالمہ کرتے ہوئے سینیٹر فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ آپ شاید پہلی دفعہ کمیٹی میں آئے ہیں جس پر انہوں نے جواب دیا کہ بطور چیئرمین نیب پہلی دفعہ آیا ہوں۔

حالیہ ردوبدل نیا ٹیکس نہیں، عارضی طور پر کم کی گئی پٹرولیم لیوی کی مرحلہ وار بحالی ہے، خرم شہزاد

ہائی سپیڈ ڈیزل پر عائد پٹرولیم لیوی آج بھی اس سطح سے کم ہے جو خلیجی بحران سے قبل نافذ تھی، مشیر خزانہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خزانہ کے مشیر خرم شہزاد نے کہا ہے کہ پٹرولیم لیوی سے متعلق جاری بحث میں چند اہم حقائق کو نظر انداز کیا جا رہا ہے جنہیں سامنے رکھنا ضروری ہے تاکہ صورتحال کو درست تناظر میں سمجھا جا سکے۔ جاری بیان میں انہوں نے واضح کیا کہ ہائی سپیڈ ڈیزل پر عائد پٹرولیم لیوی آج بھی اس سطح سے کم ہے جو خلیجی بحران سے قبل نافذ تھی، ان کے مطابق بین الاقوامی منڈی میں گزشتہ چند ماہ کے دوران ڈیزل کی قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کے باعث حکومت نے عارضی طور پر پٹرولیم لیوی میں کمی کی تھی تاکہ اس اضافے کا پورا بوجھ ٹرانسپورٹرز، کسانوں اور ڈیزل استعمال کرنے والے دیگر شعبوں پر منتقل نہ ہو۔ خرم شہزاد نے کہا کہ یہ ایک مسلمہ